CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر
# امروز
www.dailyimroze.com
جلد: 19 | جمعرات، 9 جولائی 2026ء 23 محرم الحرام 1448ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 184

# ایران کے ساتھ جنگ بندی ختم ہو چکی، وقت ضائع نہیں کرنا چاہتا، اب ہمیں کام کرنا ہوگا: ٹرمپ

نیٹو چیف کے ساتھ تعمیری مذاکرات ہوئے، نیٹو امریکا کا مشکل ترین پارٹنر ہے، ہم نے ایران کو نیوکلیئر ہتھیاروں سے پاک کرنے کی بات کی، ایران کسی صورت جوہری ہتھیار نہیں رکھ سکتا

**سپین کے ساتھ کوئی تعلق نہیں رکھنا چاہتے، سپین انتہائی خراب شراکت دار ہے، اس کے ساتھ تجارت ختم کر دی اب وہ گڑگڑا رہا ہے کہ ہمارے ساتھ تجارت کریں۔ امریکی صدر**

انقرہ: (نیٹ نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ ہماری جنگ بندی ختم ہو چکی، ان کے ساتھ معاملات کرنا وقت کا ضیاع ہے، اب ہمیں اپنا کام کرنا ہوگا۔ ترکیے کے دارالحکومت انقرہ میں نیٹو چیف جنرل مارک روٹے کے ہمراہ گفتگو کرتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ نیٹو چیف کے ساتھ تعمیری مذاکرات ہوئے، نیٹو امریکا کا مشکل ترین پارٹنر ہے، ہم نے ایران (بقیہ نمبر 7)

انقرہ: زیلنسکی امریکی صدر ٹرمپ سے ملاقات کر رہے ہیں

## مریم نواز، سپیکر پنجاب اسمبلی کی ملاقات، قانون سازی اور ترقیاتی امور پر گفتگو

**صوبائی اسمبلی میں باہمی ہم آہنگی، جیل اصلاحات اور عوامی فلاحی منصوبوں کے فروغ پر اتفاق**

**اپنا کھیت، اپنا روزگار سکیم سے تیس ہزار خاندان مستفید، سپیکر کا وزیر اعلیٰ پنجاب کو خراجِ تحسین**

لاہور (زیڈ این این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے ملاقات کی، جس میں عالمی صورتحال کے تناظر میں ملکی حالات، صوبائی اسمبلی کی کارروائی، قانون سازی، جیل اصلاحات اور عوامی فلاحی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال (بقیہ نمبر 8)

### سپیکر قومی اسمبلی کا مرحوم عبدالستار ایدھی کی دسویں برسی پر خراج عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے مرحوم عبدالستار ایدھی کی دسویں برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عبدالستار ایدھی انسان دوستی، ایثار اور خدمتِ خلق کی لازوال (بقیہ نمبر 9)

وزیر اعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# وزیر اعظم: سولر منصوبے کیلئے خریداری کے عمل میں مکمل شفافیت یقینی بنائی جائے

**گلگت بلتستان کے لئے 100 میگا واٹ شمسی توانائی منصوبے پر جائزہ اجلاس ہوا، ماحول دوست صاف، سستی اور پائیدار توانائی کے فروغ کیلئے شمسی توانائی کا فروغ قومی توانائی کا اہم جزو ہے**

**پاور ڈویژن منصوبے کی تنصیب اور بروقت تکمیل کے حوالے سے اپنی ذمے داری پوری کرے، سولر منصوبے کیلئے خریداری کے عمل میں مکمل شفافیت یقینی بنائی جائے**

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ سولر منصوبے کیلئے خریداری کے عمل میں مکمل شفافیت یقینی بنائی جائے، تمام ادائیگیاں تیسرے فریق کی توثیق کے بعد کی جائیں، ماحول دوست صاف، سستی اور پائیدار توانائی کے فر (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: پاکستان کے قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے بدھ کے روز ایوانِ صدر، اسلام آباد میں ملک بھر سے آئے ہوئے متعدد سیاسی، سماجی اور عوامی نمائندوں سے ملاقات

# ایران امریکا کشیدگی، قطر اور چین کی فریقین سے تحمل کا مظاہرہ کرنے کی اپیل

**کویت اور بحرین پر کئے گئے حملے قابل ایسے اقدامات خطے کے امن و استحکام کے لئے نقصان دہ ہیں خطے کو ایسے بلا جواز حملوں کے نتائج سے محفوظ رکھنا ضروری ہے: قطر**

**ایران اور امریکا دونوں تحمل کا مظاہرہ کریں، مزید کشیدگی سے گریز کریں اور اختلافات کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے کی کوشش کریں: چین**

دوحہ/ بیجنگ (نیٹ نیوز) ایران اور امریکا کے درمیان ایک بار پھر بڑھتی ہوئی کشیدگی پر قطر اور چین نے گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام فریقوں سے تحمل کا مظاہرہ کرنے، جنگی صورتحال کو مزید بڑھنے سے روکنے اور سفارتی مذاکرات جاری رکھنے کی اپیل کی ہے۔ (بقیہ نمبر 19)

### بھارتی فورسز نے شوپیاں میں ایک نوجوان شہید کر دیا

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں (بقیہ نمبر 18)

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری پریس کانفرنس کر رہے ہیں

### مقبوضہ کشمیر میں گلیشیئرز پگھلنے سے ماحولیاتی بحران سنگین رخ اختیار کر رہا ہے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں گزشتہ کئی دہائیوں سے گلیشیئرز تیزی (بقیہ نمبر 17)

# پاکستان اور چین کا داخلی سلامتی کے امور پر اشتراک بڑھانے پر اتفاق

**انسداد دہشت گردی تعاون اور سٹریٹجک پارٹنر شپ کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ**

**دہشت گردوں کی فنڈنگ کو ہر سطح پر روکنے کی ضرورت ہے، دہشت گردوں کی پشت پناہی اور فنڈنگ میں ملوث ممالک کے خلاف مل کر کام کرنا ہوگا، محسن نقوی**

نیویارک (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر میں چین کے وزیر مملکت داخلہ و سربراہ سپیشل سروس بیورو لنگ ژیانفینگ سے ملاقات کی جس میں داخلی سلامتی کے امور پر اشتراک بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق ملاقات میں انسداد دہشت گردی تعاون اور سٹریٹجک پارٹنر شپ کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ پاک چین وزراء نے داخلی سلامتی کے (بقیہ نمبر 11)

### لورالائی اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع لورالائی اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جس کے باعث (بقیہ نمبر 14)

## برہان وانی کشمیری آزادی جدوجہد کے حقیقی ہیرو ہیں، مریم نواز شریف

**پاکستان کشمیری عوام کی آزادی کا مقدمہ ہر عالمی فورم پر بھرپور انداز میں اٹھاتا رہے گا**

**اقوام متحدہ کشمیریوں سے کیا گیا وعدہ پورا کرے، مقبوضہ کشمیر کی آزادی کیلئے خصوصی دعا**

لاہور (زیڈ این این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے برہان وانی شہید کی برسی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں انہیں مقبوضہ جموں و کشمیر کی آزادی کی جدوجہد کا حقیقی (بقیہ نمبر 12)

### امریکہ کا صحافی پر حملے کا معاملہ، برطانیہ نے ایران کے سینئر سفارت کار کو طلب کر لیا

لندن (این این آئی) برطانیہ نے ایرانی ریاست کی ایما پر صحافی پر حملے کے معاملے میں ایران کے سینئر سفارت (بقیہ نمبر 15)

## شہید ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کا جسد خاکی نجف پہنچا دیا گیا

**آج مشہد میں امام علی رضا کے روضے کے احاطے میں سپرد خاک کیا جائے گا، ایرانی میڈیا**

تہران (این این آئی) ایران کے شہید رہبر اعلیٰ آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی میت ایران سے عراق کے شہر نجف پہنچا دی گئی۔ ایئرپورٹ پر عراقی وزیر اعظم، اعلیٰ عراقی حکا (بقیہ نمبر 13)

## امریکا نے ایران کے تیل بیچنے پر پھر پابندی لگا دی، ایران کی مذمت

**امریکا نے مفاہمتی یادداشت کی خلاف ورزی کی ہے اور اس صورتحال کا ذمہ دار وہ خود ہے، وزارت خارجہ**

تہران/ واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران کے تیل بیچنے پر پھر پابندی لگا دی۔ امریکا کا دعویٰ ہے کہ نئی پابندیاں آبنائے ہرمز میں حملے کے سبب لگائی گئی ہیں۔ ایرا (بقیہ نمبر 16)

### ایندھن مہنگا ہونے پر امریکی ایئر لائنز کے مئی کے اخراجات میں 3 ارب ڈالر کا اضافہ

واشنگٹن (این این آئی) ایران جنگ کے باعث ایندھن مہنگا ہونے سے مئی میں امریکی ایئر لائنز کے ایندھن کے اخرا (بقیہ نمبر 22)

### ایران امریکا مذاکرات کے باوجود آبنائے ہرمز میں بحری ٹریفک مکمل بحال نہ ہو سکی

تہران (این این آئی) ایران، امریکا کے درمیان قطر مذاکرات میں پیش رفت کے باوجود بھی آبنائے ہرمز میں بحری ٹریفک مکمل بحال نہ ہو سکی۔ مارکیٹ ایجنسیز (بقیہ نمبر 21)

# کارِ لاپتہ کو طیارے کی تلاش کیلئے سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن جاری، سمندر اور بپھری لہریں بڑا چیلنج

**وزیر اعظم کی تمام وسائل بروئے کار لانے کی ہدایت، پاک بحریہ، پاک فضائیہ، میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی، ایدھی فاؤنڈیشن اور دیگر ادارے مشترکہ سرچ آپریشن میں مصروف، تحقیقاتی ٹیم کراچی پہنچ گئی، ایئر لائن کا دفتر بھی سیل**

**شارجہ سے کراچی آنے والی کے ٹو ایئر ویز کی کارگو پرواز کے ٹی اے 1732 نے دوران پرواز رات 9 بج کر 18 منٹ پر نیویگیشنل سسٹم میں خرابی کی اطلاع دی**

کراچی (این این آئی) شارجہ سے کراچی آنے والے نجی فضائی کمپنی ** کے ٹو ایئر ویز ** کے کارگو طیارے کے بحیرہ عرب میں لاپتا ہونے کے بڑے چیلنج سے دوچار ہیں۔ پاک بحریہ، پاک فضائیہ، میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی، سول ایوی ایشن، ایدھی فاؤنڈیشن اور دیگر متعلقہ ادارے مشترکہ طور پر لاپتا طیارے اور عملے کی تلاش میں مصروف ہیں۔ پاکستان ایئرپور (بقیہ نمبر 20)

بعد سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن میں مزید تیزی لائی گئی ہے، تاہم وسیع سمندری حدود اور جون، جولائی میں بلند و بپھری لہروں کے باعث امدادی کارروائیاں

### برہان مظفر وانی کی شہادت کو 10 سال بیت گئے

**برہان مظفر وانی نے اکتوبر 2010 میں 15 سال کی عمر میں جدوجہد آزادی کا آغاز کیا اور سوشل میڈیا پر جدوجہد آزادی کو نیا انداز دیا**

سری نگر (این این آئی) مقبوضہ کشمیر کی جدوجہد آزادی میں نئی روح پھونکنے والے برہان مظفر وانی کی شہادت کو 10 سال بیت گئے۔ برہان مظفر وانی نے اکتو (بقیہ نمبر 23)

### ہرمز کے قریب قطری ٹینکر پر حملے کی مکمل قانونی ذمہ داری ایران پر عائد ہوتی ہے، قطری وزارت خارجہ

دوحہ (این این آئی) قطر کی وزارت خارجہ کے ترجمان ماجد الانصاری نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کے قریب قطری ٹینکر (بقیہ نمبر 24)

## امریکا کا ایران پر حملہ، اسرائیل کی جنوبی لبنان پر بمباری

**حملے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں پر ایرانی حملوں کے ردعمل میں کیے گئے، سینٹ کام**

**ایران کی جانب سے کی گئی جارحیت غیر ضروری، خطرناک اور جنگ بندی کی خلاف ورزی تھی**

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران پر حملہ کیا ہے اور دوسری جانب اسرائیل نے جنوبی لبنان پر نئے حملے کیے۔ رو (بقیہ نمبر 25)

ایران کے پاسدارانِ انقلاب نے خبردار کیا ہے کہ اس تنگ آبنائے سے گزرنے والے جہازوں کو نشانہ بنایا جائے گا؛ یہ ایک انتہائی اہم آبی گزرگاہ ہے جہاں سے عام طور پر دنیا بھر کا تقریباً پانچواں حصہ تیل اور مائع قدرتی گیس (LNG) گزرتا ہے

### اسکینڈل کا شکار نائجل فراج پارلیمنٹ کی نشست سے مستعفی

لندن (این این آئی) تحائف اور مالی سہولیات ظاہر نہ کرنے کے الزامات کا شکار برطانیہ کی ریفارم یوکے کے (بقیہ نمبر 26)

## زیارت واقعہ، چیئرمین سی ایم آئی ٹی کی سربراہی میں اعلیٰ سطح کی انکوائری کمیٹی تشکیل

**انکوائری کمیٹی دہشت گرد حملے سے قبل، دوران اور بعد کے تمام واقعات اور سکیورٹی ردعمل کا جائزہ لے گی**

کوئٹہ (این این آئی) مانگی ڈیم واقعہ کی سربراہی میں اعلیٰ سطح کی انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ محکمہ داخلہ تحقیقات کے لیے چیئرمین سی ایم آئی ٹی کی (بقیہ نمبر 27)

# صدر و وزیر اعظم کا چین میں سیلاب سے تباہ کن اور شدید بارشوں سے نقصانات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

**ہماری آہنی دوستی ہمیشہ مضبوط اور قائم رہے گی، مشکل گھڑی میں ہم اپنے چینی بہن بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں**

**زخمیوں کی جلد صحت یابی اور امدادی و ریسکیو کارروائیوں کی کامیابی کے لیے دعاگو ہیں**

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے چین میں تباہ کن سیلاب اور شدید بارشوں سے ہونے والے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بدھ کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں صدر مملکت نے کہا کہ چین میں آنے والے تباہ کن سیلاب اور شدید بارشوں سے ہمارے چینی (بقیہ نمبر 28)

### منشیات سے پاک پاکستان کیلئے تعاون بڑھانے پر اہم اتفاق، رانا مشہود

**وزیر اعظم یوتھ پروگرام اور ڈرگ ایڈوائزری ٹریننگ حب مشترکہ آگاہی مہم مزید مؤثر بنائیں گے**

**نوجوان نسل کو نشے سے محفوظ بنانا قومی ترجیح، سالانہ کارکردگی رپورٹ بھی پیش کر دی گئی، ترجمان**

لاہور (زیڈ این این) چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان سے ڈرگ ایڈوائزری ٹریننگ حب کے وائس چیئرمین سید محسن نے ملاقات کی، جس میں نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے، انسداد منشیات سے متعلق آگاہی مہم کو مزید مؤثر بنانے اور (بقیہ نمبر 39)

شکاگو (امریکہ): وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال پاکستانی نژاد امریکی کاروباری رہنماؤں، کاروباری افراد اور سرمایہ کاروں کے ایک اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

# وزیر اعلیٰ کا قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی ترقی و خصوصی اقدامات کے ساتھ اجلاس

**سندھ کوسٹل ہائی وے منصوبے کا ورک آرڈر جاری کر دیا گیا، ٹھیکیدار نے مشینری اور وسائل سائٹ پر منتقل کر دیے ہیں، اجلاس کو بریفنگ**

**اجلاس میں 140 ارب 91 کروڑ 60 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے پانچ بڑے شاہراہ منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ**

اسلام آباد / کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کا قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات کے ساتھ اجلاس ہوا، اجلاس میں چیئرمین قائمہ کمیٹی سید عبدالقادر گیلانی کی زیر قیادت وفد میں کمیٹی کے ارکان نازلبوچ، فرحان چشتی، سید سمیع الحسن گیلانی، اختر بی بی، ذوالفقار بھٹی اور شبیر بجارانی بھی شامل تھے۔ اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقی جام خان شورو، صوبائی وزیر ورکس اینڈ سروسز حاجی علی حسن زرداری، سیکریٹری وزیر اعلیٰ آصف جمیل، سیکریٹری ورکس نواز سوہو اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ اجلاس میں 140 ارب 91 کروڑ 60 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے پانچ بڑے شاہراہ منصوبوں پر پیش رفت (بقیہ نمبر 38)

نیویارک: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر میں ملاقات کے دوران چین کے وزیر مملکت برائے عوامی تحفظ اور اسپیشل بیورو کے سربراہ لنگ ژی فینگ سے مصافحہ کر رہے ہیں

### بھارت، دہلی ہائی کورٹ کا اطہر خان کو ضمانت دینے سے انکار

نئی دہلی (این این آئی) دہلی ہائی کورٹ نے شہریت ترمیمی قانون کے خلاف احتجاج میں شرکت کرنے والے اطہر خان کو 2020 کے دہلی فسادات کیس میں ضمانت دینے سے انکار کر دیا۔ کشمیر میڈیا (بقیہ نمبر 36)

## لاہور میں بدترین لوڈشیڈنگ، انٹرنیٹ متاثر، شہری شدید مشکلات سے دوچار

**ڈیوس روڈ، گڑھی شاہو سمیت کئی علاقوں میں بجلی کی بندش، آن لائن کاروبار شدید متاثر ہو گئے**

**صاف پانی کی فراہمی بھی متاثر، شہریوں کا احتجاج، حکام سے فوری ریلیف فراہم کرنے کا مطالبہ**

لاہور (زیڈ این این) صوبائی دارالحکومت میں بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ نے شہری زندگی کو مفلوج کر کے رکھ دیا۔ ڈیوس روڈ، گڑھی شاہو اور شہر کے دیگر متعدد علاقوں میں گھنٹوں بجلی کی بندش کے باعث انٹرنیٹ سروس شدید متاثر ہونے سے آن لائن کاروبار، فر (بقیہ نمبر 37)

ڈیرہ اسماعیل خان: پیسکو (PESCO) چیف اختر حمید خان کی قیادت میں ایک وفد نے خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی سے ملاقات

# پلوامہ میں پینے کے پانی کی شدید قلت کے خلاف لوگوں کا احتجاج

**بحران کی شدت اور لوگوں کو درپیش مشکلات کو اجاگر کرنے کے لیے خواتین خالی برتن اٹھائے ہوئے مظاہرے میں شامل ہوئیں**

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں ضلع پلوامہ کے علاقے پنگلنہ میں خواتین سمیت لوگوں نے گزشتہ تین ماہ سے پینے (بقیہ نمبر 29)

ڈھاکہ سابق صوبائی وزیر و چیئرمین یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد بنگلہ دیش کے وزیر تعلیم اے این ایم احسان الحق سے ڈھاکہ میں ملاقات کر رہے ہیں

### بھارت، رکن پارلیمنٹ کا اتر پردیش میں جوہر یونیورسٹی کو نشانہ نہ بنانے کا مطالبہ

لکھنو (این این آئی) بی جے پی کے زیر اقتدار بھارتی ریاست اتر (بقیہ نمبر 30)

### گلگت بلتستان میں انتخابی نتائج کے بعد پیپلز پارٹی سادہ اکثریت سے حکومت بنا سکتی تھی، نیئر حسین بخاری

اسلام آباد (این این آئی) سیکریٹری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی نیئر حسین (بقیہ نمبر 31)

### ڈی جی بی ای سی ایس حمید خان نیازی نے گلگت بلتستان میں پہلی مرتبہ تحصیل سطح کے سی پی ڈی اساتذہ تربیتی پروگرام کا افتتاح کر دیا

اسلام آباد (این این آئی): ڈائریکٹر جنرل بیسک ایجوکیشن اینڈ کمیونٹی اسکولز (بی ای سی ایس) حمید خان نیازی نے گلگت (بقیہ نمبر 32)

## پاکستان میں ہونیوالی دہشتگردی کے پیچھے مودی ہے: جے یو آئی

**مودی کی حکومت خطے میں بدامنی اور عدم استحکام کو فروغ دے کر پاکستان کو کمزور کرنا چاہتی ہے**

**بلوچستان میں پاک فوج کی چوکی پر ہونے والے دہشتگرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں**

لاہور (زیڈ این این) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکریٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین (بقیہ نمبر 34)

# پرتگال کے سرمایہ کار پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں: چوہدری شافع

**دونوں ممالک کے مابین مختلف شعبوں میں باہمی تعاون اور تجارت بڑھانے کی وسیع گنجائش موجود ہے، چوہدری شافع حسین**

**چوہدری شافع حسین کی پرتگال کے قومی دن کے حوالے سے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت، مبارکباد دی**

**پرتگال کی سرمایہ کار کمپنیاں یہاں کھلے دل سے سرمایہ کاری کریں ہر ممکن سہولت دیں گے، وزیر صنعت و تجارت پنجاب**

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے مقامی ہوٹل میں پرتگال کے قومی دن کے حوالے سے منعقدہ پروقار تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ پاکستان میں پرتگال کے سفیر پاؤلو ڈومینگز، قونصل جنرل افتخار فیروز، ترکیہ اور چین کے قونصل جنرلز، سفارت کاروں اور بزنس کمیونٹی کے نمائندوں نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین نے پرتگال کے سفیر اور دیگر سفارت کاروں کے ہمراہ پرتگال کے قومی دن کے حوالے سے کیک بھی کاٹا۔ صوبائی وزیر نے پرتگال کے سفیر، قونصل (بقیہ نمبر 33)

## وزیر خزانہ کا ایس ای سی پی ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

**سرکاری ملکیتی کمپنیوں کو نوٹسز کے اجرا پر ایس ای سی پی کے اقدامات کی تعریف**

**نان بینکنگ فنانشل سیکٹر امور، کارپوریٹ گورننس اور مؤثر ریگولیٹری نظام کے فروغ پر تبادلہ خیال**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ایس ای سی پی کاروبار دوست ماحول، مؤثر قانون نافذ کرنے اور منصفانہ کاروباری طرز عمل کے فروغ کیلئے پرعزم ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے ایس ای سی پی ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں ایس ای سی پی کے چیئرمین ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے وزیر خزانہ کو تفصیلی بریفنگ دی جبکہ کمشنرز نے بھی اجلاس میں شر (بقیہ نمبر 35)

## الفاظ کے پیچھے چھپے جذبات

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

انسان کی زندگی میں بہت سی ایسی باتیں شامل ہیں جو ہم روزانہ بولتے اور سنتے ہیں، لیکن ان کے اصل معنی صرف الفاظ تک محدود نہیں ہوتے بلکہ ان کے پیچھے گہرے جذبات اور احساسات چھپے ہوتے ہیں۔ ہماری زبان میں محبت، غم، خوشی اور درد کو بیان کرنے کے لیے ایسے الفاظ استعمال ہوتے ہیں جو حقیقت میں ایک کیفیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ جب کوئی شخص کہتا ہے کہ "کسی نے میرا دل توڑ دیا" تو حقیقت میں کسی نے جسمانی دل کو نقصان نہیں پہنچایا ہوتا، بلکہ یہ ایک جذباتی تکلیف کا اظہار ہوتا ہے۔ انسان کا دل صرف ایک جسمانی عضو نہیں بلکہ محبت، احساسات اور جذبات کی علامت بھی سمجھا جاتا ہے۔ سائنس کے مطابق دل کا بنیادی کام جسم میں خون پہنچانا ہے جبکہ جذبات، یادیں اور احساسات کا تعلق دماغ اور انسانی نفسیات سے بھی ہوتا ہے۔ لیکن انسان صدیوں سے دل کو جذبات کی علامت کے طور پر استعمال کرتا آیا ہے کیونکہ دل اور احساسات کا تعلق انسان کے تجربات میں بہت گہرا محسوس ہوتا ہے۔ اسی طرح جب ایک دادی اپنے نواسوں سے کہتی ہیں کہ "میرا دل تم لوگوں نے چرا لیا ہے" تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ واقعی کسی نے دل چرا لیا، بلکہ وہ اپنی محبت، شفقت اور بے پناہ پیار کا اظہار کر رہی ہوتی ہیں۔ انسانی زبان کا حسن یہی ہے کہ ایک چھوٹا سا جملہ بھی بہت بڑے جذبات کو بیان کر سکتا ہے۔ بعض اوقات الفاظ حقیقت سے زیادہ احساس کی ترجمانی کرتے ہیں اور انسان دوسرے کے جذبات کو سمجھ کر ان الفاظ کا مطلب جان لیتا ہے۔ اگر ہم قرآن کی زبان پر غور کریں تو وہاں بھی کئی مقامات پر ایسی تعبیرات ملتی ہیں جو انسان کے ظاہر کے ساتھ ساتھ اس کے باطن، سوچ اور روحانی کیفیت کو بیان کرتی ہیں۔ قرآن انسان کو صرف جسم نہیں بلکہ عقل، دل اور روح رکھنے والی مخلوق کے طور پر مخاطب کرتا ہے۔ قرآن میں "دل" کا ذکر کئی جگہ انسان کی اندرونی حالت، ایمان، سمجھ اور نیت کے معنی میں آتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انسانی وجود صرف نظر آنے والی چیزوں تک محدود نہیں بلکہ اس کے اندر ایک ایسی دنیا بھی ہے جو محسوس تو ہوتی ہے مگر ہمیشہ دکھائی نہیں دیتی۔ اسی طرح جب مذہبی تعلیمات میں شیطان، فرشتوں یا غیبی معاملات کا ذکر آتا ہے تو یہ ان حقیقتوں کی طرف اشارہ ہوتا ہے جو انسان کی آنکھوں سے پوشیدہ ہیں۔ انسان کی نظر محدود ہے، وہ ہر چیز کو نہیں دیکھ سکتا لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ چیز موجود نہیں۔ ہم اپنی روزمرہ زندگی میں بھی کئی ایسی چیزوں پر یقین رکھتے ہیں جو نظر نہیں آتیں۔ مثال کے طور پر ہوا نظر نہیں آتی مگر ہم اسے محسوس کرتے ہیں، محبت نظر نہیں آتی مگر اس کے اثرات انسان کی زندگی بدل دیتے ہیں۔ فرشتوں کا تصور بھی اسی غیبی دنیا سے تعلق رکھتا ہے جس پر ایمان رکھنے والے لوگ یقین رکھتے ہیں۔ اسلامی عقیدے کے مطابق فرشتے اللہ کے حکم کے مطابق مختلف ذمہ داریاں انجام دیتے ہیں اور انسان کو یہ احساس دلاتے ہیں کہ زندگی صرف ظاہری دنیا تک محدود نہیں۔ اسی طرح رزق کے بارے میں بھی یہی سمجھا جاتا ہے کہ اس کا اصل اختیار اللہ کے پاس ہے۔ انسان کوشش کرتا ہے، محنت کرتا ہے اور اسباب اختیار کرتا ہے، لیکن بہت سے معاملات ایسے ہوتے ہیں جہاں انسان کو اندازہ ہوتا ہے کہ زندگی میں بہت کچھ اس کے اختیار سے باہر بھی ہے۔ انسان کا وجود صرف جسم کا نام نہیں۔ ایک طرف جسمانی وجود ہے جسے ہم دیکھ سکتے ہیں، جس میں درد، تھکن اور بیماری محسوس ہوتی ہے، جبکہ دوسری طرف انسان کی روح، سوچ، احساسات اور شعور ہیں جو نظر نہیں آتے لیکن انسان کی اصل شخصیت بناتے ہیں۔ جسمانی درد کو ہم فوراً محسوس کر لیتے ہیں کیونکہ وہ ظاہری ہوتا ہے، لیکن تنہائی، غم، محبت، خوف اور اندرونی تکلیف ایسی کیفیتیں ہیں جنہیں صرف محسوس کیا جا سکتا ہے، دیکھا نہیں جا سکتا۔ یہی فرق انسان کو ایک منفرد مخلوق بناتا ہے۔ انسان صرف گوشت اور ہڈیوں کا مجموعہ نہیں بلکہ احساسات، خیالات، خوابوں اور روحانی پہلوؤں سے بھرا ہوا ایک مکمل وجود ہے۔ دنیا میں بہت سی چیزیں ایسی ہیں جنہیں سائنس اپنے طریقے سے سمجھنے کی کوشش کرتی ہے، جبکہ مذہب انسان کو زندگی کے مقصد، اخلاق، روحانیت اور ان حقیقتوں کے بارے میں سوچنے کی دعوت دیتا ہے جو نظر سے اوجھل ہیں۔ ہمیں یہ سمجھنا چاہیے کہ ہر بات کو صرف ظاہری معنی میں لینا ضروری نہیں ہوتا۔ زبان کے کئی الفاظ ایسے ہیں جو حقیقت کے بجائے احساس اور کیفیت بیان کرتے ہیں۔ جب کوئی کہتا ہے کہ "تم نے میرا دل جیت لیا" تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ کسی نے دل حاصل کر لیا، بلکہ اس کا مطلب محبت، اعتماد اور عزت حاصل کرنا ہوتا ہے۔ اسی طرح جب کوئی کہتا ہے کہ "میرا دل ٹوٹ گیا" تو وہ اپنے اندر کے درد کو بیان کر رہا ہوتا ہے۔ یہ درد جسم پر نظر نہیں آتا لیکن انسان کے رویے، سوچ اور زندگی پر گہرا اثر ڈال سکتا ہے۔ انسان کی زندگی میں جسم اور روح دونوں کی اہمیت ہے۔ جسم کی دیکھ بھال کے لیے علاج، آرام اور صحت ضروری ہے جبکہ روح اور دل کی مضبوطی کے لیے محبت، اچھے اعمال، امید اور مثبت سوچ ضروری ہے۔ زندگی کا حسن اسی توازن میں ہے کہ انسان دنیاوی حقیقتوں کو بھی سمجھے اور اپنی اندرونی دنیا کو بھی پہچانے۔ صرف ظاہری چیزوں پر توجہ دینے سے انسان اپنی شخصیت کے ایک بڑے حصے کو نظر انداز کر دیتا ہے۔ انسان جتنا زیادہ سوچتا اور سیکھتا ہے، اتنا ہی اسے احساس ہوتا ہے کہ کائنات کتنی وسیع ہے اور انسانی سمجھ کتنی محدود۔ بہت سی حقیقتیں ایسی ہیں جو وقت کے ساتھ انسان پر واضح ہوتی جاتی ہیں۔ جو چیز نظر نہیں آتی وہ لازماً غیر موجود نہیں ہوتی۔ کچھ حقیقتیں آنکھوں سے نہیں بلکہ عقل، احساس، تجربے اور یقین کے ذریعے سمجھی جاتی ہیں، اور یہی انسانی زندگی کی گہرائی ہے۔

## معذرت کے ساتھ

رائے شماری

پروفیسر رائے غلام رسول فہیم کھرل
03041648400
ghulamrasoolfaheem62@gmail.com

کبھی کسی مزدور کے پھٹے ہوئے ہاتھوں کو غور سے دیکھیے، کسی کسان کے دھوپ سے جھلسے ہوئے چہرے پر برسوں کی محنت کا نوحہ پڑھیے، کسی بیوہ ماں کی خاموش آنکھوں میں اترتی ہوئی تنہائی کو محسوس کیجیے، کسی یتیم بچے کی ادھوری خواہشوں کی چاپ سنیے، کسی بے روزگار نوجوان کے چہرے پر جمی ہوئی بے بسی کو پڑھیے، کسی طالب علم کو ڈگری ہاتھ میں لیے مستقبل کے بند دروازوں پر دستک دیتے دیکھیے، کسی سرکاری ملازم کو مہنگائی کے سامنے اپنی تنخواہ کی بے وقعتی پر کڑھتے دیکھیے، کسی نجی ملازم کو ملازمت کے عدم تحفظ میں ہر روز جیتے اور مرتے دیکھیے، کسی ریٹائرڈ بزرگ کو عمر بھر کی جمع پونجی کو مہنگائی کی نذر ہوتے دیکھیے، کسی بیمار باپ کو دوا اور بچوں کی فیس کے درمیان فیصلہ کرتے دیکھیے، کسی ماں کو خالی برتنوں کے درمیان بچوں کو تسلی دیتے دیکھیے، کسی بہن کو جہیز کی رسموں کے بوجھ تلے اپنی جوانی سمٹتے دیکھیے، کسی بیٹی کو تعلیم، عزت اور محفوظ مستقبل کے خواب آنکھوں میں سجائے فکرمند دیکھیے، کسی چھوٹے دکاندار کو گاہکوں کے انتظار میں ویران دکان کے دروازے پر نظریں جمائے دیکھیے، کسی صنعت کار کو بڑھتی لاگت اور گھٹتے کاروبار کی فکر میں گھلتے دیکھیے، کسی مریض کو ہسپتال کے برآمدے میں علاج کا منتظر دیکھیے، کسی پنشنر کو اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے حساب لگاتے دیکھیے، کسی معذور شخص کو سہولتوں سے محروم زندگی کا بوجھ اٹھاتے دیکھیے، اور پھر اپنے دل سے پوچھیے کہ آخر اس ملک کا عام آدمی کس جرم کی سزا کاٹ رہا ہے؟ اگر اس کے بعد بھی دل میں درد کی ایک لہر نہ اٹھے تو شاید ہم نے صرف انسانوں کو نہیں، انسانیت کو بھی محسوس کرنا چھوڑ دیا ہے۔ پاکستان کا عام شہری آج صرف مہنگائی، بے روزگاری اور غیر یقینی حالات سے نہیں لڑ رہا، بلکہ اسے یہ احساس بھی ستا رہا ہے کہ ریاست کے ہر ستون سے اس کی توقعات بڑھتی ہیں، مگر اس کی مشکلات کم ہونے کے بجائے بڑھتی چلی جا رہی ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ ریاست کے تمام ادارے بی پارلیمان، حکومت، عدلیہ، مسلح افواج، پولیس، سول بیوروکریسی، احتسابی ادارے، مقامی حکومتیں اور دیگر قومی ادارے بی آئین کے مطابق ملک کی خدمت اور عوام کے تحفظ کے لیے قائم کیے گئے ہیں۔ جب یہ ادارے مؤثر، شفاف اور اپنی آئینی حدود میں کام کرتے ہیں تو عوام کا اعتماد مضبوط ہوتا ہے۔ لیکن جب سیاسی کشمکش، انتظامی کمزوریاں، بدعنوانی، تاخیر، ناقص حکمرانی یا اختیارات کے استعمال پر سوالات جنم لیتے ہیں تو اس کا سب سے بڑا بوجھ عام شہری کے کندھوں پر آ پڑتا ہے۔ آج سوال یہ نہیں کہ قصور کس ایک ادارے کا ہے؛ اصل سوال یہ ہے کہ کیا ہر ادارہ اپنی آئینی ذمہ داری پوری دیانت، شفافیت اور جواب دہی کے ساتھ ادا کر رہا ہے؟ اگر جواب مکمل اطمینان بخش نہیں، تو پھر اصلاح کی ضرورت بھی سب کو ہے۔ عوام کو نہ اداروں کی باہمی کشمکش سے غرض ہے، نہ سیاسی نعروں سے؛ انہیں صرف امن، انصاف، روزگار، تعلیم، علاج اور باوقار زندگی چاہیے۔ ریاست کی اصل طاقت اس کے ادارے ضرور ہوتے ہیں، مگر ریاست کی اصل روح اس کے عوام ہوتے ہیں۔ اگر عوام ہی مایوسی، اضطراب اور معاشی دباؤ کا شکار ہوں تو ترقی کے تمام دعوے ادھورے رہ جاتے ہیں۔ اس لیے وقت کا تقاضا ہے کہ تمام ادارے آئین کی روح، قانون کی حکمرانی اور باہمی تعاون کے ساتھ عوامی فلاح کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔ آج پاکستان کا عام آدمی جب صبح اپنے گھر سے نکلتا ہے تو اس کے ذہن میں خوابوں سے زیادہ خدشات ہوتے ہیں۔ اسے معلوم نہیں ہوتا کہ شام تک آٹے، چینی، گھی، بجلی، گیس یا پٹرول کی قیمت کہاں پہنچ جائے گی۔ اسے یہ فکر کھائے جاتی ہے کہ اگر وہ بیمار ہو گیا تو علاج کہاں سے کرائے گا، اگر اس کا بچہ اعلیٰ تعلیم حاصل بھی کر لے تو کیا اسے روزگار ملے گا، اور اگر انصاف کے لیے کسی دروازے پر دستک دے تو کتنے برس اس کی زندگی انتظار کی نذر ہو جائیں گے۔ یہ ملک وسائل سے محروم نہیں، صلاحیتوں سے خالی نہیں، قربانی دینے والے عوام سے بھی تہی دامن نہیں۔ اس سرزمین نے جنگیں بھی دیکھی ہیں، قدرتی آفات بھی برداشت کی ہیں، دہشت گردی کا مقابلہ بھی کیا ہے، اور ہر بحران میں اپنے اداروں کے ساتھ کھڑی بھی رہی ہے۔ مگر آج یہی عوام یہ سوال پوچھنے پر مجبور ہیں کہ ان کی مسلسل قربانیوں کا صلہ آخر کب ملے گا؟ ریاست کا ہر ادارہ اپنی اہمیت رکھتا ہے۔ پارلیمان قانون سازی کے لیے، حکومت انتظام و انصرام کے لیے، عدلیہ انصاف کی فراہمی کے لیے، مسلح افواج قومی سلامتی کے لیے، پولیس شہریوں کے تحفظ کے لیے، سول بیوروکریسی عوامی خدمت کے لیے، اور احتسابی ادارے شفافیت کے لیے وجود رکھتے ہیں۔ جب ان میں سے کسی ایک کی کارکردگی کمزور پڑتی ہے تو اس کا اثر پورے نظام پر پڑتا ہے، اور جب متعدد شعبوں میں کمزوریاں جمع ہونے لگیں تو سب سے زیادہ تکلیف عام شہری کو اٹھانی پڑتی ہے۔ افسوس اس بات کا ہے کہ ہر بحران میں قربانی عوام سے مانگی جاتی ہے۔ بجلی مہنگی ہو تو عوام برداشت کریں، ٹیکس بڑھیں تو عوام ادا کریں، مہنگائی آئے تو عوام صبر کریں، روزگار کم ہو تو عوام خود کو حالات کے مطابق ڈھالیں۔ مگر عوام جب یہ پوچھیں کہ ریاستی کارکردگی میں بہتری کب آئے گی، شفافیت کب بڑھے گی، اور جواب دہی سب کے لیے یکساں کب ہوگی، تو ان سوالات کا جواب اکثر ہندلا دکھائی دیتا ہے۔ ایک مزدور کی ساری زندگی مشقت میں گزر جاتی ہے، لیکن وہ اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کا خواب پورا نہیں کر پاتا۔ ایک کسان سارا سال زمین سے رزق اگاتا ہے، مگر اپنے ہی گھر میں معاشی تنگی کا شکار رہتا ہے۔ ایک سرکاری ملازم مہنگائی کے سامنے بے بس ہے، ایک نجی ملازم ملازمت کے عدم تحفظ سے خوف زدہ ہے، اور ایک نوجوان ڈگری ہاتھ میں لیے مستقبل کے دروازے کھٹکھٹا رہا ہے۔ یہ وہ تصویریں ہیں جنہیں کسی ایک فرد یا ایک ادارے سے نہیں، بلکہ مجموعی حکمرانی کے معیار سے جوڑ کر دیکھنے کی ضرورت ہے۔ قومیں صرف مضبوط عمارتوں، شاہراہوں اور منصوبوں سے نہیں بنتیں، بلکہ انصاف، اعتماد اور امید سے بنتی ہیں۔ اگر ایک عام شہری اپنے ہی ملک میں خود کو غیر محفوظ، غیر سنا ہوا یا مسلسل مشکلات میں گھرا محسوس کرے تو ریاست اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ کمزور ہونے لگتا ہے۔ اس اعتماد کو بحال کرنا تمام اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ آخر میں یہی کہنا مناسب ہوگا کہ عوام کسی معجزے کا مطالبہ نہیں کرتے۔ وہ صرف یہ چاہتے ہیں کہ ان کی محنت کا احترام ہو، ان کے ووٹ کی عزت ہو، ان کے بچوں کا مستقبل محفوظ ہو، قانون سب پر یکساں لاگو ہو، اور ہر ادارہ آئین کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنی ذمہ داری پوری دیانت اور احساسِ جواب دہی کے ساتھ ادا کرے۔ یہ سوال آج بھی فضاؤں میں گونج رہا ہے: "ہمارا کیا قصور ہے؟ ہمیں جینے کیوں نہیں دیتے؟" اس سوال کا جواب نعروں میں نہیں، بلکہ بہتر حکمرانی، مؤثر اداروں، شفاف احتساب، قانون کی بالادستی اور عوامی خدمت میں پوشیدہ ہے۔ جس دن ریاست کے تمام ستون اپنے اپنے آئینی کردار کو پوری ذمہ داری سے نبھائیں گے، اسی دن شاید ایک مزدور، ایک کسان، ایک طالب علم، ایک ماں اور ایک بزرگ شہری کی آنکھوں میں مایوسی کی جگہ امید واپس آ جائے گی۔ یہی وہ دن ہوگا جب عوام محسوس کریں گے کہ واقعی انہیں جینے کا حق مل گیا ہے۔ ان شاید ایک مزدور، ایک کسان، ایک

## شمر

تحریروں کی نگری

میاں کلیم جہانگیر
kaleemjahangir01@gmail.com

تاریخ اسلام میں چند ایسے کردار ہیں جن کے نام ظلم، سنگ دلی اور اقتدار کی اندھی خواہش کی علامت بن چکے ہیں۔ انہی ناموں میں ایک نام شمر بن ذی الجوشن کا بھی ہے۔ اگرچہ شمر کی پوری زندگی مختلف سیاسی اور عسکری واقعات سے عبارت ہے لیکن دنیا اسے سب سے زیادہ واقعۂ کربلا کے حوالے سے جانتی ہے۔ تاریخ کے صفحات پر اس کا ذکر آتے ہی انسان کے ذہن میں ظلم، بے رحمی اور اخلاقی زوال کی تصویر ابھر آتی ہے۔ یہ حقیقت بھی اپنی جگہ موجود ہے کہ کسی تاریخی شخصیت کا مطالعہ جذبات سے ہٹ کر مستند روایات اور تاریخی مصادر کی روشنی میں کیا جانا چاہیے تاکہ واقعات کو ان کے اصل تناظر میں سمجھا جا سکے۔ شمر بن ذی الجوشن قبیلہ ہوازن کی ایک شاخ بنو عامر سے تعلق رکھتا تھا۔ بعض تاریخی روایات کے مطابق وہ ابتدائی دور میں مسلمان ہوا اور بعض جنگوں میں بھی شریک رہا لیکن وقت گزرنے کے ساتھ اس کی سیاسی وابستگیاں تبدیل ہوتی رہیں۔ حضرت علیؓ کے دورِ خلافت میں جنگِ صفین میں اس کی موجودگی کا بھی ذکر ملتا ہے تاہم بعد کے حالات میں اس نے بنوامیہ کی حکومت کا ساتھ اختیار کیا اور اقتدار کے قریب رہنے کو ترجیح دی۔ یہی وہ موڑ تھا جہاں اس کی شخصیت پر سیاسی مفادات کا رنگ غالب آتا دکھائی دیتا ہے۔ سن 61 ہجری میں جب حضرت امام حسینؓ نے یزید کی بیعت سے انکار کیا اور کوفہ کی جانب روانہ ہوئے تو تاریخ نے ایک ایسا باب دیکھا جس نے ہمیشہ کے لیے حق اور باطل کی کشمکش کو ایک نئی معنویت عطا کر دی۔ کربلا کے میدان میں عبیداللہ بن زیاد کی جانب سے بھیجے گئے لشکر میں شمر بھی شامل تھا۔ متعدد تاریخی روایات کے مطابق وہ نہ صرف جنگ میں سرگرم کردار ادا کرتا رہا بلکہ اس نے عمر بن سعد پر سخت دباؤ بھی ڈالا کہ امام حسینؓ کے خلاف کارروائی میں کسی قسم کی نرمی نہ برتی جائے۔ واقعۂ کربلا کی سب سے المناک روایت یہی ہے کہ امام حسینؓ کی شہادت کے وقت شمر کو ایک مرکزی کردار کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ اگرچہ مختلف تاریخی کتب میں تفصیلات میں معمولی اختلافات موجود ہیں، لیکن مسلم مورخین کی اکثریت اس بات پر متفق ہے کہ شمر نے اس سانحے میں اہم کردار ادا کیا اور اسی وجہ سے اس کا نام تاریخ میں نفرت اور مذمت کی علامت بن گیا۔ یہی وجہ ہے کہ صدیوں گزرنے کے باوجود جب بھی کربلا کا ذکر ہوتا ہے تو شمر کا نام ظلم کے استعارے کے طور پر لیا جاتا ہے۔ کسی بھی معاشرے میں افراد کے کردار صرف ان کے اعمال سے نہیں بلکہ ان اعمال کے نتائج سے بھی پہچانے جاتے ہیں۔ شمر نے شاید وقتی اقتدار، انعام یا سیاسی قربت حاصل کرنے کی امید میں وہ راستہ اختیار کیا جو وقتی طور پر طاقتور طبقے کو مطلوب تھا لیکن تاریخ نے اس کے نام کو عزت کے مفاد میں تھا لیکن تاریخ نے اس کے نام کو عزت نہیں بلکہ بدنامی کے ساتھ محفوظ کیا۔ یہ تاریخ کا ایک اٹل اصول ہے کہ اقتدار عارضی ہوتا ہے جبکہ کردار ہمیشہ باقی رہتا ہے۔ اگر شمر کی شخصیت کا غیر جانبدارانہ تجزیہ کیا جائے تو اس میں کئی پہلو سامنے آتے ہیں۔ ایک پہلو سیاسی مفاد پرستی کا ہے، جہاں اقتدار کی خاطر اخلاقی اصولوں کو پسِ پشت ڈال دیا گیا۔ دوسرا پہلو شدت پسندی کا ہے، جہاں مخالف کو صرف شکست دینا کافی نہیں سمجھا گیا بلکہ ہر ممکن سختی اختیار کی گئی۔ تیسرا پہلو بصیرت کے فقدان کا ہے، کیونکہ تاریخ میں بعض فیصلے صرف اپنے وقت تک محدود نہیں رہتے بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے بھی مثال بن جاتے ہیں۔ شمر ان حقیقت کو نہ سمجھ سکا کہ ایک لمحے کا فیصلہ صدیوں تک اس کے نام کے ساتھ جڑا رہے گا۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ تاریخ کو صرف جذبات کی بنیاد پر نہیں بلکہ تحقیق کی روشنی میں پڑھنا چاہیے۔ مختلف مورخین نے شمر کے کردار اور اس کے اقدامات پر اپنی اپنی روایات نقل کی ہیں، تاہم اس بات پر تقریباً اتفاق پایا جاتا ہے کہ واقعۂ کربلا میں اس کا کردار منفی اور قابلِ مذمت تھا۔ اسی لیے اسلامی تاریخ، ادب اور عوامی شعور میں شمر ایک ایسے شخص کے طور پر یاد کیا جاتا ہے جس نے اقتدار کی خاطر اخلاقی اقدار کو نظر انداز کیا۔ آج کے دور میں شمر کی شخصیت صرف ایک تاریخی کردار نہیں بلکہ ایک علامت بن چکی ہے۔ جب کوئی شخص طاقت کے نشے میں انصاف کو پامال کرتا ہے، جب ذاتی مفاد کو حق پر ترجیح دیتا ہے یا جب ظلم کو اپنی کامیابی کا ذریعہ سمجھتا ہے تو لوگ اسے شمر کے کردار سے تشبیہ دیتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض شخصیات تاریخ سے نکل کر سماجی اور اخلاقی استعارے بن جاتی ہیں۔ واقعۂ کربلا نے دنیا کو یہ سبق دیا کہ ظلم وقتی طور پر غالب آ سکتا ہے لیکن اخلاقی فتح ہمیشہ حق کے حصے میں آتی ہے۔ شمر کا انجام اس حقیقت کی یاد دہانی کراتا ہے کہ انسان اپنے منصب، دولت یا طاقت سے زیادہ اپنے کردار سے پہچانا جاتا ہے۔ اقتدار ختم ہو جاتا ہے حکومتیں بدل جاتی ہیں، مگر اعمال کا اثر تاریخ کے حافظے میں باقی رہتا ہے۔ اسی لیے شمر کا نام عزت، بہادری یا قیادت کی علامت نہیں بلکہ ظلم، بے رحمی اور غلط فیصلوں کے انجام کے طور پر یاد رکھا جاتا ہے۔ یہی تاریخ کا سب سے بڑا اور غیر متبدل فیصلہ بہادری یا قیادت کی علامت نہیں بلکہ ظلم،

## قیادت، استحکام اور ابھرتا ہوا پاکستان

ضربِ مومن

واجد علی تونسوی
Wajidalitaunsvi2599@gmail.com

بین الاقوامی سیاست میں کسی بھی ریاست کی اہمیت صرف اس کی عسکری طاقت سے متعین نہیں ہوتی، بلکہ داخلی استحکام، مضبوط معیشت، مؤثر سفارت کاری، قومی یکجہتی اور بحرانوں سے نمٹنے کی صلاحیت بھی اس کے عالمی مقام کا تعین کرتی ہے۔ اکیسویں صدی میں قومی سلامتی کا تصور نمایاں طور پر تبدیل ہو چکا ہے۔ اب صرف سرحدوں کا دفاع ہی کافی نہیں سمجھا جاتا بلکہ اقتصادی استحکام، سماجی ہم آہنگی، داخلی امن، مضبوط ادارے، جدید ٹیکنالوجی اور فعال خارجہ پالیسی کو بھی قومی سلامتی کا لازمی حصہ تصور کیا جاتا ہے۔ اسی تناظر میں گزشتہ چند برسوں کے دوران پاکستان کی سلامتی پالیسی، علاقائی کردار اور سفارتی حکمتِ عملی پر نئی بحث جنم لے رہی ہے۔ جنرل سید عاصم منیر نے 29 نومبر 2022 کو چیف آف آرمی اسٹاف کی حیثیت سے پاک فوج کی قیادت ایسے وقت سنبھالی جب پاکستان کو بیک وقت متعدد چیلنجز کا سامنا تھا۔ مشرقی سرحد پر بھارت کے ساتھ کشیدگی برقرار تھی، مغربی سرحد پر دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہو رہا تھا، جبکہ اندرونِ ملک معاشی مشکلات، سیاسی تقسیم اور سماجی بے چینی ریاست کے لیے ایک بڑا امتحان بن چکی تھیں۔ ایسے حالات میں قومی سلامتی کو صرف عسکری نقطۂ نظر سے نہیں، بلکہ ایک جامع قومی حکمتِ عملی کے تحت آگے بڑھانے کی کوشش کی گئی۔ اس حکمتِ عملی کا ایک بڑا امتحان 2025 میں اس وقت سامنے آیا جب مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں ہونے والے حملے کے بعد پاکستان اور بھارت کے درمیان شدید کشیدگی پیدا ہوئی۔ بھارت نے پاکستان پر الزامات عائد کیے جنہیں پاکستان نے مسترد کرتے ہوئے شفاف اور غیر جانب دار تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ بعد ازاں دونوں ممالک کے درمیان فضائی، میزائل اور ڈرون کارروائیوں نے خطے میں تشویش کی لہر دوڑا دی اور عالمی برادری نے کشیدگی کم کرنے پر زور دیا۔ پاکستانی حکومت کے مطابق 10 مئی 2025 کو پاکستان نے بھارتی حملوں کے جواب میں آپریشن بنیان المرصوص شروع کیا، جسے وفاقی اور جوابی کارروائی قرار دیا گیا۔ چند روز تک جاری رہنے والی کشیدگی کے بعد مختلف دوست ممالک کی سفارتی کوششوں کے نتیجے میں جنگ بندی ممکن ہوئی۔ بعد ازاں وفاقی کابینہ نے جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دی اور اس فیصلے کی وجہ آپریشن کے دوران ان کی قیادت کو قرار دیا۔ اسی تناظر میں حکومت نے مسلح افواج اور قومی یکجہتی کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے یومِ تشکر بھی منایا۔ ان واقعات کے بعد پاکستان کی دفاعی سفارت کاری بھی زیادہ متحرک دکھائی دی۔ چین کے ساتھ اسٹریٹجک تعاون، سعودی عرب، ترکی، آذربائیجان اور متحدہ عرب امارات کے ساتھ اعلیٰ سطحی روابط، مشترکہ فوجی مشقیں اور دفاعی تعاون اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ پاکستان اپنی خارجہ پالیسی میں سلامتی اور اقتصادی تعاون کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنے کی کوشش کر رہا ہے۔ حامی حلقوں کے نزدیک یہ پاکستان کے بڑھتے ہوئے علاقائی اثر و رسوخ کی علامت ہے، جبکہ بعض تجزیہ نگار اس کے دیرپا نتائج کو معاشی استحکام، سیاسی تسلسل اور ادارہ جاتی مضبوطی سے مشروط قرار دیتے ہیں۔ بیرونی محاذ کے ساتھ ساتھ داخلی سلامتی بھی پاکستان کے لیے ایک بڑا چیلنج رہی۔ تحریکِ طالبان پاکستان، بلوچستان میں سرگرم مسلح گروہوں اور دیگر شدت پسند عناصر کی کارروائیوں کے پیشِ نظر وفاقی حکومت نے 22 جون 2024 کو عزمِ استحکام کے نام سے قومی انسدادِ دہشت گردی حکمتِ عملی کی منظوری دی۔ حکومتی مؤقف کے مطابق اس کا مقصد صرف فوجی کارروائیاں کرنا نہیں بلکہ انٹیلی جنس اداروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور صوبائی حکومتوں کے درمیان مؤثر تعاون کو مزید مضبوط بنانا بھی تھا۔ اس پالیسی پر مختلف سیاسی جماعتوں اور مبصرین نے مختلف آراء کا اظہار کیا، تاہم حکومت نے اسے دہشت گردی کے خلاف قومی حکمتِ عملی کا اہم ستون قرار دیا۔ اسی دوران انٹیلی جنس بنیادوں پر متعدد کارروائیوں میں کئی دہشت گرد ہلاک یا گرفتار ہوئے، جبکہ سکیورٹی فورسز کے افسران اور جوانوں نے بھی اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ یہ قربانیاں اس حقیقت کی یاد دلاتی ہیں کہ داخلی امن صرف عسکری طاقت سے نہیں بلکہ قومی عزم، مضبوط اداروں، عوامی تعاون اور قانون کی مؤثر شمولیت کی سے بھی وابستہ ہوتا ہے۔ داخلی استحکام کے تناظر میں مذہبی ہم آہنگی کا پہلو بھی قابلِ توجہ رہا۔ مختلف مواقع پر جنرل بعد ازاں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے مختلف مکاتبِ فکر کے علماء و مشائخ سے ملاقاتیں کیں، جن میں قومی اتحاد، فرقہ وارانہ ہم آہنگی، دہشت گردی کے خلاف مشترکہ مؤقف اور امن و استحکام کے موضوعات زیرِ بحث آئے۔ حامی حلقے ان ملاقاتوں کو قومی سلامتی کی وسیع حکمتِ عملی کا حصہ قرار دیتے ہیں، جبکہ بعض مبصرین ان کے اثرات کا جائزہ طویل المدت تناظر میں لینے کی ضرورت پر زور دیتے ہیں۔ پاکستان جیسے مذہبی اور ثقافتی تنوع رکھنے والے معاشرے میں قومی اتحاد بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ جب ریاستی ادارے مذہبی قیادت، سیاسی قوتیں اور عوام مشترکہ قومی مقاصد پر یکسو ہوں تو انتہا پسندی کے امکانات محدود ہونے لگتے ہیں۔ اسی لیے جدید ریاستیں قومی سلامتی کو صرف عسکری قوت تک محدود نہیں رکھتیں بلکہ سماجی ہم آہنگی، داخلی استحکام اور قومی یکجہتی کو بھی اس کا لازمی جزو سمجھتی ہیں۔ خارجہ پالیسی کے میدان میں بھی پاکستان نے توازن برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے۔ چین کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری، خلیجی ممالک کے ساتھ معاشی تعاون، ترکی اور آذربائیجان کے ساتھ دفاعی روابط اور وسطی ایشیا کے ساتھ اقتصادی روابط کے فروغ کی کوششیں اس امر کی نشاندہی کرتی ہیں کہ پاکستان اپنی جغرافیائی اہمیت کو معاشی مواقع میں تبدیل کرنا چاہتا ہے۔ اگر یہ سفارتی اور دفاعی تعاون سرمایہ کاری، تجارت، توانائی اور صنعتی شراکت داری کی صورت میں مزید آگے بڑھتا ہے تو اس کے مثبت اثرات قومی معیشت پر بھی مرتب ہو سکتے ہیں۔ اس کے باوجود یہ حقیقت نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ کسی بھی ریاست کی عالمی حیثیت صرف عسکری کامیابیوں سے مستحکم نہیں ہوتی۔ مضبوط معیشت، شفاف طرزِ حکمرانی، سیاسی استحکام، آزاد ادارے، قانون کی بالادستی، معیاری تعلیم، سائنسی تحقیق اور ٹیکنالوجی میں ترقی وہ عوامل ہیں جو کسی بھی ملک کو مستقل عالمی وقار عطا کرتے ہیں۔ دفاعی کامیابیوں کے ساتھ اگر ان شعبوں میں بھی تسلسل کے ساتھ اصلاحات جاری رہیں تو پاکستان اپنے نوجوان انسانی وسائل، قدرتی وسائل اور اہم جغرافیائی محلِ وقوع سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے حامیوں کے مطابق ان کی قیادت میں دفاع، سفارت کاری اور داخلی سلامتی کو ایک جامع قومی حکمتِ عملی کے تحت آگے بڑھانے کی کوشش کی گئی، جبکہ ناقدین اس کا جائزہ جمہوری اداروں، معاشی کارکردگی، سیاسی استحکام اور آئینی عمل کے تناظر میں لیتے ہیں۔ یہی اختلافِ رائے کسی بھی جمہوری معاشرے کی فکری پختگی اور صحت مند قومی مباحثے کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ پاکستان کے پاس نوجوان آبادی، پیشہ ورانہ مسلح افواج، قدرتی وسائل اور انتہائی اہم جغرافیائی محلِ وقوع جیسے بے شمار مواقع موجود ہیں۔ اگر قومی اتحاد، پالیسیوں کا تسلسل،

بقیہ 1 بقیہ جات

کے مختلف پہلوں بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیرِ صحت نے کہا کہ پاکستان چین بزنس ٹو بزنس فارماسیوٹیکل کانفرنس دونوں ممالک کے درمیان صحت کے شعبے میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اہم پیش رفت ثابت ہوگی۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کے درمیان فعال تعاون، مؤثر رابطہ کاری اور جامع تیاریوں کی ضرورت پر زور دیا تاکہ کانفرنس کے نتائج زیادہ سے زیادہ مؤثر ثابت ہوں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ کانفرنس سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور دواسازی کے شعبے میں مشترکہ منصوبوں اور شراکت داری کے نئے مواقع فراہم کرے گی جس سے پاکستان کی مقامی فارماسیوٹیکل صنعت کو بھی فروغ ملے گا۔ انہوں نے بتایا کہ کانفرنس میں پاکستان اور چین کی معروف فارماسیوٹیکل، میڈیکل ڈیوائسز اور روایتی چینی طب سے وابستہ کمپنیوں کے سربراہان شرکت کریں گے، اس کے علاوہ سرکاری اداروں، ریگولیٹری حکام، صنعت اور نجی شعبے کے نمائندے بھی کانفرنس کا حصہ ہوں گے۔ وفاقی وزیرِ صحت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومتِ پاکستان مقامی دواسازی کی صنعت کے فروغ، جدید طبی ٹیکنالوجی کے حصول اور معیاری صحت کی سہولیات تک عوام کی رسائی بہتر بنانے کے لیے چین کے ساتھ اپنے سٹریٹجک تعاون کو مزید وسعت دے

بقیہ 2 بقیہ جات

نورناصر اور ان کے اہلِ خانہ سے ملاقات کرتے ہوئے دلی ہمدردی، مکمل یکجہتی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے ڈاکٹر ماہ نور کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے اہل خانہ کو یقین دلایا کہ اس مشکل گھڑی میں پوری قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ قائمقام چیئرمین سینیٹ نے خواتین کے تحفظ اور انہیں بروقت انصاف کی فراہمی ریاست کی اولین ذمہ داری ہے اور ایسے گھناؤنے جرائم کے مرتکب عناصر کو قانون کے مطابق سخت سزا ملنی چاہیے۔ اظہارِ یکجہتی اور حوصلہ افزائی کے طور پر سیدال خان نے ڈاکٹر ماہ نور ناصر کو پھولوں کا گلدستہ اور تحائف پیش کیے۔ انہوں نے ڈاکٹر ماہ نور کی ہمت، استقامت اور حوصلے کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ اس آزمائش میں تنہا نہیں بلکہ پوری قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر ہونے والے حملے کو انتہائی افسوسناک قرار دیتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں اور صوبائی حکومت کی بروقت کارروائی کو سراہا۔ سیدال خان نے کہا کہ حملہ آور اپنے انجام کو پہنچ چکا ہے اور متاثرہ خاندان کو انصاف ملا ہے، تاہم ایسے جرائم کی مؤثر روک تھام کے لیے قانون پر سختی سے عمل درآمد اور مسلسل نگرانی ناگزیر ہے۔ دورانِ ملاقات قائمقام چیئرمین سینیٹ نے ہسپتال انتظامیہ سے ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی صحت اور علاج سے متعلق تفصیلی بریفنگ بھی لی اور آغا خان یونیورسٹی ہسپتال کے طبی عملے کی پیشہ ورانہ مہارت، خدمات اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو سراہا۔ دورے کے اختتام پر سیدال خان نے ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مشکل کی اس گھڑی میں پوری قوم ڈاکٹر ماہ نور اور ان کے اہلِ خانہ کے ساتھ کھڑی رہے

بقیہ 3 بقیہ جات

کرتے ہوئے ہمیں اپنے ووٹ سے منتخب کیا۔ عوام کی خدمت، ان کے مسائل کا حل اور بنیادی سہولیات ان کی دہلیز تک پہنچانا ہماری اولین ذمہ داری اور ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر ٹاؤن میں ترقیاتی عمل تیزی سے جاری ہے۔ بجٹ کی منظوری کے بعد مختلف ترقیاتی منصوبوں پر مزید رفتار سے کام شروع کیا جا رہا ہے تاکہ سڑکوں، گلیوں، نکاسی آب، صفائی، اسٹریٹ لائٹس، پارکس اور دیگر شہری سہولیات کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ ہماری کوشش ہے کہ صدر ٹاؤن کو ایک مثالی اور ترقی یافتہ ٹاؤن بنایا جائے جہاں عوام کو بہترین بلدیاتی سہولیات میسر ہوں۔ منصور احمد شیخ نے کہا کہ جن لوگوں نے عوام کے اعتماد اور ووٹ کی حرمت کا خیال رکھنے کے بجائے ذاتی مفادات کو ترجیح دی اور عوامی مینڈیٹ سے غداری کی، عوام انہیں مسترد کر چکی ہے۔ عوام کے ووٹ سے بے وفائی کرنے والوں کی سیاست کا مستقبل تاریک ہو چکا ہے اور ایسے عناصر عوام کے درمیان اپنی ساکھ کھو بیٹھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صدر ٹاؤن کی عوام آج بھی پاکستان تحریکِ انصاف اور عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے اور عوامی خدمت کے سفر میں ہمارا بھرپور ساتھ دے رہی ہے۔ پاکستان تحریکِ انصاف کی منتخب بلدیاتی قیادت دن رات عوام کے مسائل کے حل اور ٹاؤن کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ منصور احمد شیخ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صدر ٹاؤن کی تعمیر و ترقی، شفاف طرزِ حکمرانی اور عوامی فلاح کے مشن کو مزید تیزی سے آگے بڑھایا جائے گا اور دستیاب وسائل کو عوام کی بہتری اور ٹاؤن کی خوشحالی پر خرچ کیا جائے گا۔

بقیہ 4 بقیہ جات

وزیر منصوبہ بندی و ترقی جام خان شورو، صوبائی وزیر ورکس اینڈ سروسز حاجی علی حسن زرداری، سیکریٹری وزیراعلیٰ آصف نبیل، سیکریٹری ورکس نواز سوہو اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ اجلاس میں 140ارب 91 کروڑ 60لاکھ روپے سے زائد مالیت کے پانچ بڑے شاہراہ منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، وفاقی ترقیاتی پروگرام کے تحت پانچ اہم شاہراہ منصوبے جون 2027 تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا۔ منصوبوں میں سندھ کوسٹل ہائی وے، مہران ہائی وے، روہڑی گڈو روڈ، ٹنڈو الہیار، ٹنڈو آدم ڈوئل کیرج وے اور سانگھڑ، روہڑی روڈ شامل ہیں، پانچ منصوبوں کی مجموعی لاگت 140ارب 91 کروڑ 60لاکھ روپے ہے۔ وفاق کا حصہ 96ارب 75 کروڑ 70لاکھ روپے جبکہ سندھ حکومت کا حصہ 44ارب 15 کروڑ 90لاکھ روپے ہے، وزیراعلیٰ سندھ۔ نے کہا کہ 36 کلومیٹر طویل سندھ کوسٹل ہائی وے ایکسٹینشن منصوبے پر 37ارب 70 کروڑ روپے لاگت آئے گی۔ اجلاس کو بریفنگ دی گئی کہ سندھ کوسٹل ہائی وے منصوبے کا ورک آرڈر جاری کر دیا گیا، جبکہ ٹھیکیدار نے مشینری اور وسائل سائٹ پر منتقل کر دیے ہیں، 150 کلومیٹر طویل روہڑی گڈو بیراج روڈ منصوبہ 17ارب 79 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا جا رہا ہے۔ حکام نے کہا کہ روہڑی گڈو روڈ منصوبے کے 44 کلومیٹر حصے پر اسفالٹ بیس کا کام مکمل کر لیا گیا، 31اعشاریہ 4 کلومیٹر طویل ٹنڈو الہیار، ٹنڈو آدم ڈوئل کیرج وے منصوبے کی لاگت 9 ارب 28 کروڑ روپے ہے، ٹنڈو الہیار، ٹنڈو آدم منصوبے پر پیش رفت جاری ہے، تاہم یوٹیلیٹی منتقلی، ٹرانسمیشن لائن اور پاکستان ریلوے کی منظوری بڑے چیلنج قرار دیے گئے۔ اجلاس کے مطابق 135 کلومیٹر طویل مہران ہائی وے ڈوملا ئزیشن منصوبہ 41 ارب 3 کروڑ روپے کی لاگت سے جاری ہے، 221 کلومیٹر طویل سانگھڑ، روہڑی روڈ منصوبے پر 35 ارب 8 کروڑ روپے لاگت آئے گی، سانگھڑ، روہڑی روڈ کے بڑے حصوں پر چوڑائی اور بیس ورک مکمل کر لیا گیا، جبکہ جلد اسفالٹ بچھانے کا کام شروع ہوگا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ منصوبے صرف سڑکیں نہیں بلکہ معاشی راہداریاں ہیں، جو تجارت، سرمایہ کاری اور ترقی کو فروغ دیں گی، تمام رکاوٹیں، یوٹیلیٹی منتقلی، منظوریوں اور فنڈنگ کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، وفاقی ترقیاتی پروگرام کے منصوبوں کے لیے وفاقی فنڈز کی بروقت فراہمی ناگزیر ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی نے سندھ میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے اقدامات کو سراہا اور وفاقی سطح پر مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی، تمام وفاقی و صوبائی اداروں نے منصوبوں کی بروقت تکمیل، فنڈز کے موثر استعمال اور انتظامی رکاوٹیں دور کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 5 بقیہ جات

ن بتایا گیا کہ حالیہ دنوں میں 667 افغان باشندوں کو وطن واپس بھجوایا گیا ہے۔ اس موقع پر بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ جن افغان باشندوں کے ویزہ کی مدت ختم ہو چکی ہے، ان کی واپسی کے عمل کو مزید تیز اور مربوط بنایا جائے۔ سی سی پی او لاہور نے اشتہاریوں کی گرفتاری کے حوالے سے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس معاملے میں کسی قسم کی سستی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام ڈویژنز سو فیصد اہداف کا حصول یقینی بنائیں۔ انہوں نے منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل کی رگوں میں زہر گھولنے والے آئس اور دیگر جدید و مہلک ڈرگز کے سپلائرز کے خلاف فوری اور سخت ترین قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ تھانہ کلچر کی تبدیلی اور عوامی شکایات کے ازالے پر بات کرتے ہوئے بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ سائلین کو انتظار کروانے اور دفاتر کے چکر لگوانے کا کلچر برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ پولیس افسران کی سرکاری مصروفیت کی صورت میں سائلین کو اس بارے میں بروقت مطلع کیا جائے تاکہ ان کا وقت ضائع نہ ہو۔ اجلاس میں ڈی آئی جی (ایڈمن) عمران کشور، ڈی آئی جی (آپریشنز) فیصل کامران، ایس ایس پی (انوسٹی گیشن) محمد نوید، ایس ایس پی (آپریشنز) تو قیر محمد نعیم، ماڈل ٹاؤن اور کینٹ ڈویژنز کے ایس پیز، اے ایس پیز، سرکل افسران، ایس ایچ او زاور انچارجز (انوسٹی گیشن) نے شرکت کی۔

بقیہ 6 بقیہ جات

ے واسا سمیت دیگر محکموں آڈٹ پیرا ز کا جائزہ لیا گیا۔ محکمہ واسا کے مین ہولز کی زائد پیمائش کے باعث اضافی ادائیگیوں پر ڈی جی واسا کی سرزنش کی گئی۔ چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی افتخار چھچر نے کہا کہ محکمہ واسا کے انجینئر کی وجہ سے سرکاری خزانے کا ضیاع ہو رہا ہے۔ ڈی جی واسا نے بتایا کہ ٹھیکیداروں کے وقت پر کام مکمل نہ کرنے سے لاگت بڑھی ہے۔ چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے کہا کہ ٹینڈرز کے وقت کے مطابق کام کروانا آپ کی ذمہ داری ہے۔ کمیٹی نے فنانس ڈیپارٹمنٹ کو متعلقہ بے ضابطگیوں پر دو روز میں انکوائری کے بعد رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔

بقیہ 7 بقیہ جات

کو نیوکلیئر ہتھیاروں سے پاک کرنے کی بات کی، ایران کسی صورت جوہری ہتھیار نہیں رکھ سکتا۔ انہوں نے کہا کہ میں نیٹو سے خوش نہیں ہوں کیونکہ انہوں نے ایران کے خلاف ہماری مدد نہیں کی، ہمیں مدد کی ضرورت نہیں تھی لیکن میں امتحان لے رہا تھا، ہم نیٹو کو 100 فیصد فنڈ دے رہے تھے جبکہ کچھ ممالک کچھ بھی حصہ نہیں ڈال رہے تھے۔ ان کا کہا تھا کہ نیٹو کو سب سے زیادہ مالی معاونت امریکا فراہم کرتا ہے، اس لئے اتحادی ممالک کو اپنی ذمہ داریاں مزید مؤثر انداز میں ادا کرنی چاہئیں۔ امریکی صدر نے امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے بارے میں سوال کے جواب میں کہا کہ ''میرے خیال میں یہ ختم ہو چکی ہے، ان کے خیال میں ایران کے ساتھ مفاہمتی یادداشت ختم ہو گئی ہے، میں اب ان کے ساتھ مزید معاملہ نہیں کرنا چاہتا، ایران کے معاملے میں بہت زیادہ وقت ضائع کیا، اب ہمیں اپنا کام کرنا ہوگا۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ گزشتہ روز ایران نے سعودی عرب اور دیگر ممالک کے جہازوں پر حملے کئے، ایران کے حملوں کے جواب میں امریکی فوج نے بھی کارروائی کی، ایران کی تمام قیادت کو ختم کر دیا، اب وہاں نئے لوگ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چین کے ساتھ کوئی تعلق نہیں رکھنا چاہتے، چین انتہائی خراب شراکت دار ہے، اس کے ساتھ تجارت ختم کر دی اب وہ گزٹر ار ہا ہے کہ ہمارے ساتھ تجارت کریں۔ امریکی صدر کا مزید کہنا تھا کہ امریکا کو گرین لینڈ واپس نہیں دینا چاہیے تھا، یہ خطہ ہمارے لئے ضروری ہے، میں ہوتا تو پانامہ کینال بھی نہیں دیتا۔

بقیہ 8 بقیہ جات

کیا گیا۔ ملاقات میں صوبائی اسمبلی کی کارروائی کو باہمی ہم آہنگی اور افہام و تفہیم کے ساتھ مزید مؤثر انداز میں آگے بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بطور سپیکر پنجاب اسمبلی حکومت اور اپوزیشن دونوں جانب کے اراکین کی قانون سازی میں مؤثر شمولیت یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی۔ اس موقع پر سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے بیشتل پیغام امن کمیٹی میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی جانب سے پیش کی گئی پالیسی کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے ''اپنا کھیت، اپنا روزگار'' سکیم کے اجراء اور قرعہ اندازی کے کامیاب انعقاد پر بھی وزیراعلیٰ کو مبارکباد دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ''*** اپنا کھیت، اپنا روزگار *** '' سکیم پوری حکومتی ٹیم کی مشترکہ کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ہر روز نئے منصوبے متعارف کرائے جا رہے ہیں، جبکہ حکومت کی خصوصی توجہ اب پسماندہ علاقوں کی ترقی پر مرکوز ہے، جہاں جدید زرعی مشینری کی فراہمی، بہتر مواصلاتی نظام اور الیکٹرک بسوں جیسے منصوبے شروع کیے جا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ ''اپنا کھیت، اپنا روزگار'' سکیم کے ذریعے 30 ہزار بے روزگار خاندانوں کو زمین اور باعزت روزگار کے مواقع فراہم کیے گئے ہیں، جو دیہی معیشت کے استحکام اور زرعی ترقی میں اہم کردار ادا کریں

بقیہ 9 بقیہ جات

ال علامت تھے۔ بدھ کو اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ عبدالستار ایدھی نے بلا امتیاز رنگ، نسل، مذہب کے انسانیت کی خدمت کو اپنا شعار بنایا جس کی وجہ سے ان کی بے لوث فلاحی خدمات ہمیشہ قوم کے دلوں میں زندہ رہیں گی۔ عبدالستار ایدھی کی قومی وفلاحی خدمات آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ عبدالستار ایدھی کے مشنِ خدمت کو آگے بڑھانا ہم سب کی مشترکہ قومی ذمہ داری ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے عبدالستار ایدھی کے درجات کی بلندی کی دعا

بقیہ 10 بقیہ جات

وغ کیلئے مسئی توانائی کا فروغ قومی توانائی کا اہم جزو ہے۔ بدھ کو جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت گلگت بلتستان کے لئے 100 میگا واٹ شمسی توانائی منصوبے پر جائزہ اجلاس ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ماحول دوست صاف، سستی اور پائیدار توانائی کے فروغ کیلئے شمسی توانائی کا فروغ قومی توانائی کا اہم جزو ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ 100 میگا واٹ سولر منصوبہ وفاقی حکومت کی جانب سے گلگت بلتستان کے عوام کے لیے ایک تحفہ ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاور ڈویژن منصوبے کی تنصیب اور بروقت تکمیل کے حوالے سے اپنی ذمے داری پوری کرے، سولر منصوبے کیلئے خریداری کے عمل میں مکمل شفافیت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ادائیگیاں تیسرے فریق کی توثیق کے بعد کی جائیں۔ اجلاس کو گلگت بلتستان مسئی توانائی منصوبے پر بریفنگ دی گئی۔ بتایا گیا کہ منصوبے کے تحت 499 سرکاری عمارتوں کی چھتوں پر بیٹری اسٹوریج سمیت 18 میگا واٹ سولر سسٹم دسمبر 2026 تک نصب کر دیا جائے گا۔ بتایا گیا کہ 82 میگا واٹ یوٹیلٹی اسکیل سولر منصوبے کا پی سی ون منظوری کیلئے ایکنک کو بھجوا دیا گیا، 82 میگا واٹ سولر منصوبے سے تقریباً 13 لاکھ افراد مستفید ہوں گے۔ بتایا گیا کہ منصوبے کی تکمیل سے گلگت بلتستان میں سروس کا معیار بہتر ہوگا اور لوڈ شیڈنگ کے خاتمے میں مدد ملے گی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن سردار اویس لغاری، وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 11 بقیہ جات

امور پر اشتراک بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ بارڈر مینجمنٹ، غیر قانونی امیگریشن اور انسداد منشیات کے حوالے سے باہمی معاونت کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشت گردوں کی فنڈنگ کو ہر سطح پر روکنے کی ضرورت ہے، دہشت گردوں کی پشت پناہی اور فنڈنگ میں ملوث ممالک کے خلاف مل کر کام کرنا ہوگا۔ محسن نقوی نے کہا کہ چین کے ساتھ سیکیورٹی تعاون کو مزید آگے بڑھانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں چینی شہریوں کی حفاظت کے لیے سپیشل پروٹیکشن پولیس

کمیانہ نے کہا کہ جن افغان باشندوں کے ویزہ کی مدت ختم ہو چکی ہے، ان کی واپسی کے عمل کو مزید تیز اور مربوط بنایا جائے۔ سی سی پی او لاہور نے اشتہاریوں کی گرفتاری کے حوالے سے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس معاملے میں کسی قسم کی سستی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام ڈویژنز سو فیصد اہداف کا حصول یقینی بنائیں۔ انہوں نے منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل کی رگوں میں زہر گھولنے والے آئس اور دیگر جدید و مہلک ڈرگز کے سپلائرز کے خلاف فوری اور سخت ترین قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ تھانہ کلچر کی تبدیلی اور عوامی شکایات کے ازالے پر بات کرتے ہوئے بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ سائلین کو انتظار کروانے اور دفاتر کے چکر لگوانے کا کلچر برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ پولیس افسران کی سرکاری مصروفیت کی صورت میں سائلین کو اس بارے میں بروقت مطلع کیا جائے تاکہ ان کا وقت ضائع نہ ہو۔ اجلاس میں ڈی آئی جی (ایڈمن) عمران کشور، ڈی آئی جی (آپریشنز) فیصل کامران، ایس ایس پی (انوسٹی گیشن) محمد نوید، ایس ایس پی (آپریشنز) تو قیر محمد نعیم، ماڈل ٹاؤن اور کینٹ ڈویژنز کے ایس پیز، اے ایس پیز، سرکل افسران، ایس ایچ او زاور انچارجز (انوسٹی گیشن) نے شرکت کی۔

بقیہ 12 بقیہ جات

ہیرو قرار دیتے ہوئے ان کے خاندان کو خراج تحسین اور سلام پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ برہان وانی کی شہادت نے یہ حقیقت دنیا پر آشکار کر دی کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کا بچہ بچہ آزادی کے جذبے سے سرشار ہے اور کشمیری عوام اپنے حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کی منصفانہ اور جائز آزادی کی جدوجہد کا مقدمہ ہر عالمی فورم پر مؤثر انداز میں اجاگر کرتا رہے گا۔ انہوں نے زور دیا کہ اقوام متحدہ سمیت پوری عالمی برادری کی قانونی اور اخلاقی ذمہ داری ہے کہ وہ کشمیری عوام سے کیا گیا حقِ خودارادیت کا وعدہ پورا کرے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کو جلد آزادی کی نعمت سے سرفراز فرمائے اور خطے میں امن، انصاف اور استحکام قائم

بقیہ 13 بقیہ جات

م اور بڑی تعداد میں دیگر لوگ موجود تھے، ایرانی میڈیا کے مطابق ایران کے صدر مسعود پزشکیان بھی جلوسِ جنازہ میں شرکت کے لیے نجف پہنچے۔ تاہم ایران پر امریکی حملوں کے بعد وہ واپس وطن روانہ ہو گئے۔ آیت اللہ خامنہ ای کا جسد خاکی نجف میں امام علی کے روضے پر لے جایا جائے گا، بعد میں انہیں کربلا میں امام حسین کے روضے پر بھی لے جایا جائے گا۔ اس سے قبل ایران کے شہر قم کی مسجد جمکران میں آیت اللہ علی خامنہ ای اور ان کے اہلخانہ کی نماز جنازہ ادا کی گئی۔ جلوس جنازہ میں لاکھوں لوگ شریک ہوئے، جنازے کا جلوس کئی کلومیٹر تک پھیلا ہوا تھا، گود کے بچوں سے لے کر بڑی عمر کے افراد تک سب جلوس جنازہ میں شریک ہوئے، انتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے۔ تہران میں بھی آیت اللہ خامنہ ای اور ان کے اہلخانہ کے نماز جنازہ میں انسانوں کا سمندر دیکھا گیا۔ بین الاقوامی اداروں کی رپورٹ کے مطابق نمازہ جنازہ اور جلوس جنازہ میں لاکھوں افراد موجود رہے۔ ایران کے شہید رہبر اعلیٰ کو 9 جولائی کو مشہد میں امام علی رضا کے روضے کے احاطے میں سپرد خاک کیا جائے

بقیہ 14 بقیہ جات

لوگ کلمہ طیبہ اور درود شریف کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق لورالائی میں 4.4 شدت کا زلزلہ آیا جس کی گہرائی 12 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ زلزلے کا مرکز لورالائی سے 31 کلومیٹر مشرق میں تھا۔ لورالائی میں زلزلے کے باعث شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا اور وہ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ زلزلے سے فی الحال کسی قسم کے جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں

بقیہ 15 بقیہ جات

کار کو طلب کر لیا۔ برطانوی دفتر خارجہ نے ایران کے سینئر ترین سفارت کار کو طلب کرتے ہوئے احتجاج ریکارڈ کروایا۔ یہ اقدام دور دمانیہ کے شہریوں کو 2024 میں ایرانی نژاد برطانوی صحافی پویاز رافعی پر حملے میں ملوث قرار دے کر سزا سنائے جانے کے بعد اٹھایا گیا۔ ترجمان کے مطابق عدالت نے قرار دیا کہ یہ حملہ ایرانی ریاست کے مفاد اور اس کی جانب سے کیا

بقیہ 16 بقیہ جات

ن نے امریکی اقدام کی مذمت کی ہے۔ ایران کی وزارت خارجہ نے کہا کہ اپنے مفادات اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے ایران امریکی اقدام کا مناسب جواب دے گا۔ ایرانی وزارت خارجہ کا کہنا تھا کہ امریکا نے مفاہمتی یادداشت کی خلاف ورزی کی ہے اور اس صورتحال کا ذمہ دار امریکا ہے۔ امریکا ایران مفاہمتی یادداشت کے بعد امریکا نے ایس اگست تک ایران کو تیل بیچنے کی اجازت دی تھی تاہم اب امریکی محکمہ خزانہ نے اس مدت کم کر کے سترہ جولائی تک محدود

بقیہ 17 بقیہ جات

سے پھیل اور سکڑ رہے ہیں اور انسانوں کی وجہ سے خطے میں موسمیاتی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں، درجہ حرارت بڑھ رہا ہے، برف باری میں کمی ہو رہی ہے اور موجودہ برف تیزی سے کم ہو رہی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حالیہ سائنسی تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ سونہ مرگ میں سمجھو اس گلیشیئر سمیت کچھ گلیشیئرز اپنی برف کے حجم کا تقریباً 88 فیصد کھو چکے ہیں۔ تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ مقبوضہ جموں و کشمیر نے گزشتہ چھ دہائیوں میں تقریباً 25 سے 30 فیصد گلیشیئرز کھو دیے ہیں۔ ماہرین اور بین الاقوامی رپورٹس نے خبردار کیا ہے کہ ہمالیہ کے گلیشیئرز کے تیزی سے خاتمے کی بڑی وجوہات میں بڑے پیمانے پر جنگلات کی کٹائی، صنعتی اخراج، بے لگام سیاحت، امرناتھ یاترا اور دیگر انسانی سرگرمیوں شامل ہیں جو جنوبی ایشیا کے لاکھوں لوگوں کے لیے دریاؤں، زراعت، ماحولیاتی نظام اور پانی کی فراہمی کو خطرے میں ڈال رہی ہے۔ 3 جولائی کو سونہ مرگ میں دریائے سندھ کو برف سے ڈھکی چوٹیوں اور گھاس کے میدانوں کے نیچے بہتا ہوا دکھایا گیا ہے، ایک ایسا منظر جو اب تیزی سے برف پگھلنے کی وجہ سے کمزور ہوتا جا رہا ہے۔ موسمیاتی ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ صنعتی اخراج کو روکنے اور نازک پہاڑی ماحولیاتی نظام کی حفاظت کے لیے فوری اقدام کیے بغیر، گلیشیئرز کا مسلسل نقصان مقبوضہ جموں و کشمیر اور پورے خطے میں پانی اور ماحولیاتی بحران کو مزید گہرا کرے

بقیہ 18 بقیہ جات

وشمیر میں بھارتی فوجیوں نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی تازہ کارروائی میں ضلع شوپیاں میں ایک نوجوان کو شہید کر دیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق فوجیوں نے نوجوان کو ضلع کے علاقے چنا پورہ میں محاصرے اور تلاشی کی ایک کی کارروائی کے دوران شہید کیا۔ لاش چنا پورہ میں بھارتی فورسز کی کارروائی کے مقام کے قریب سے برآمد ہوئی۔ مقامی لوگوں نے بتایا کہ لاش برآمد ہونے سے قبل علاقے سے گولیاں چلنے کی آوازیں آئیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ شہید ہونے والے نوجوان کی شناخت کی جا رہی ہے۔ علاقے میں فوجی آپریشن جمعہ کی شام بھارتی فوج، پیرا ملٹری فورسز اور پولیس نے شروع کیا

بقیہ 19 بقیہ جات

خبر رساں ادارے کے مطابق قطر نے ایران کی جانب سے کویت اور بحرین پر کئے گئے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے اقدامات خطے کے امن و استحکام کے لئے نقصان دہ ہیں۔ قطری وزارت خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ خطے کو ایسے بلاجواز حملوں کے نتائج سے محفوظ رکھنا ضروری ہے۔ وزارت نے اس بات پر بھی زور دیا کہ کشیدگی میں کمی لانے کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری کا راستہ اختیار کیا جائے اور ایران اور امریکا کے درمیان طے پانے والی مفاہمتی یادداشت کے تحت ہونے والی پیش رفت کو آگے بڑھایا جائے۔ دوسری جانب چین نے بھی امریکا کی جانب سے ایران میں متعدد اہداف پر کیے گئے حملوں کے بعد مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پر تشویش ظاہر کی ہے۔ چینی وزارت خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ نے بیجنگ میں میڈیا بریفنگ کے دوران کہا کہ مشرق وسطیٰ میں جنگ کو دوبارہ بھڑکانا کسی بھی فریق کے مفاد میں نہیں ہے، انہوں نے زور دیا کہ فوجی کارروائیاں بنیادی مسائل کا حل نہیں ہوتیں اور تمام متعلقہ ممالک کو مذاکرات اور سفارتی ذرائع اختیار کرنے چاہئیں۔ چینی حکومت نے ایران اور امریکا دونوں پر زور دیا کہ وہ تحمل کا مظاہرہ کریں، مزید کشیدگی سے گریز کریں اور اختلافات کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے کی کوشش کریں۔

بقیہ 20 بقیہ جات

کس اتھارٹی (پی اے اے) کے مطابق شارجہ سے کراچی آنے والی کے ٹو ایئر ویز کی کارگو پرواز کے ٹی اے 1732 نے دوران پرواز رات 9 بج کر 18 منٹ پر نیویگیشنل سسٹم میں خرابی کی اطلاع دی، جس پر کراچی ایریا کنٹرول سینٹر نے فوری رہنمائی فراہم کی۔ تاہم رات 9 بج کر 21 منٹ پر طیارہ ریڈار پر تیزی سے نیچے آتا دیکھا گیا، اس نے اچانک اپنی سمت تبدیل کی اور کراچی سے تقریباً 155 ناٹیکل میل مغرب میں بحیرہ عرب کے اوپر اس کا ریڈار اور مواصلاتی رابطہ منقطع ہو گیا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق طیارہ اچانک دائیں جانب مڑا اور تقریباً 15 ہزار فٹ فی منٹ کی رفتار سے بلندی کھونے لگا۔ ایئر ٹریفک کنٹرول کی متعدد کالز کے باوجود طیارے سے دوبارہ کوئی رابطہ نہ ہو سکا، جس کے بعد فوری طور پر ریسکیو کوآرڈینیشن سینٹر فعال کرتے ہوئے سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن شروع کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سرچ آپریشن میں پاک بحریہ کے جنگی جہاز پی این ایس ذوالفقار اور پی این ایس حنین کے علاوہ پاک بحریہ کا میری ٹائم سرویلنس طیارہ، میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی کا ڈیفینڈر طیارہ، فاسٹ ریسپانس بوٹس، مرچنٹ ویسلز اور دیگر بحری وسائل حصہ لے رہے ہیں۔ سول ایوی ایشن کے سرویلنس طیارے کی ری فیولنگ کے بعد اسے بھی سرچ مشن میں شامل کیا گیا، جبکہ اسکائی ونگز ایوی ایشن سے بھی معاونت حاصل کی جا رہی ہے۔ ترجمان ایدھی فاؤنڈیشن کے مطابق ادارے کی بحری ریسکیو ٹیم کو فوری طور پر اور ماڑہ روانہ کیا گیا، جبکہ ایدھی کا خصوصی طیارہ پائپر سیکا اے پی بی ایف ایم بھی امدادی ٹیم کے ہمراہ سرچ اینڈ ریسکیو کارروائیوں میں حصہ لینے کے لیے روانہ کر دیا گیا ہے۔ کے ٹو ایئر ویز نے اپنے پہلے باضابطہ اعلامیے میں بتایا کہ لاپتا ہونے والا طیارہ بوئنگ 737 تھا، جس کا رجسٹریشن نمبر اے پی او آئی ہے۔ طیارے میں عملے کے پانچ ارکان سوار تھے جن میں پائلٹ محمد رضوان ادریس، فرسٹ آفیسر فیصل محمود، لوڈ ماسٹر محمد توفیق خان، انجینئر محمد عارف صدیقی اور انجینئر محمد حامد شامل ہیں۔ کمپنی نے کہا کہ حادثے کے بعد سے پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی، پاک بحریہ اور دیگر متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل تعاون جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق انجینئر محمد عارف صدیقی قومی فضائی کمپنی (پی آ

# بہاولپور: ڈی پی او رانا عبدالوہاب کی دو تھانوں میں کھلی

## شہریوں کے مسائل کے فوری حل اور ریکوری یقینی بنانے کی ہدایت

بہاول پور (ڈویژنل بیورو چیف) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے تھانہ مسافر خانہ اور تھانہ سمہ سٹہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہریوں میں متعدد شہریوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل براہِ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے۔ تفصیل کے مطابق وزیرِ اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب نے تھانہ مسافر خانہ اور تھانہ سمہ سٹہ میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہریوں میں شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے اپنے مسائل براہِ راست ڈی پی او کے سامنے پیش کیے۔ ڈی پی او نے تمام سائلین کے مسائل فرداً فرداً سن کر متعلقہ پولیس افسران کو فوری قانونی کارروائی اور ایک ہفتے کے اندر ریکوری مکمل کر کے مالِ مسروقہ مالکان کے حوالے کرنے کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے موقع پر بعض ایس ایچ اوز سے جواب طلبی بھی کی اور واضح کیا کہ فرائض میں غفلت یا تاخیر برتنے والے افسران کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کی جائے گی۔ رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ ان کچہریوں کا مقصد شہریوں کے مسائل کا ترجیحی حل اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کو مضبوط بنانا ہے۔ شہریوں نے پولیس تک براہِ راست رسائی کے اس اقدام کو خوب سراہا۔

# فیصل آباد: چار ایس ایچ اوز قائداعظم ایوارڈ کے لیے نامزد

## بہترین پولیسنگ اور جرائم کے خلاف کارروائیوں کا اعتراف



مہر ظہیر فصیل وصلی رپورٹر اعزاز، ایس ایچ او روشن والا رائے شاہد پرویز ایوارڈ کے لیے نامزد جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیوں، مثالی محکمانہ کارکردگی اور بہترین پولیسنگ کے اعتراف میں فیصل آباد پولیس کے چار ایس ایچ اوز کے نام قائداعظم ایوارڈ کے لیے منتخب کر لیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق سی پی او فیصل آباد تنویر حسین کی جانب سے ایس ایچ او تھانہ روشن والا انسپکٹر رائے شاہد پرویز ایس ایچ او تھانہ نشاط آباد سب انسپکٹر رانا ساجد محمود، ایس ایچ او تھانہ بٹالہ کالونی سب انسپکٹر ظہیر اختر گل اور ایس ایچ او تھانہ سٹی جڑانوالہ سب انسپکٹر مظفر کھوکھر کے نام منظوری کے لیے صدرِ پاکستان کو بھجوائے جائیں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ان افسران نے اپنے اپنے علاقوں میں جرائم کے خاتمے، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور بہترین محکمانہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا، جس کے اعتراف میں انہیں ملک کے باوقار قائداعظم ایوارڈ کے لیے نامزد کیا گیا ہے۔ خصوصی طور پر ایس ایچ او تھانہ روشن والا انسپکٹر رائے شاہد کی جرائم کے خلاف کامیاب کارروائیوں، قانون کی مؤثر عملداری اور عوام دوست پولیسنگ کو محکمہ پولیس میں نمایاں مقام۔

# فیصل آباد: ایف ڈی اے سٹی میں مین ہولز محفوظ بنانے کی مہم

## جالیوں اور نئے ڈھکنوں کی تنصیب کا کام مکمل، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے

فیصل آباد (نادر علی سندھو) حکومت پنجاب کے احکامات اور ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی خصوصی ہدایات پر شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ایف ڈی اے سٹی میں سیوریج سسٹم کے سیکٹروں مین ہولز میں اضافی حفاظتی اقدامات کے تحت مضبوط جالیاں نصب کر دی گئی ہیں، جبکہ جن مین ہولز پر ڈھکن موجود نہیں تھے وہاں نئے اور معیاری ڈھکن لگا دیے گئے ہیں۔ چیف انجینئر مہر ایوب اور ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئرنگ طلحہ تبسم کی نگرانی میں جاری اس خصوصی مہم کے دوران یہ اضافی حفاظتی اقدامات رہائشی بلاکس، مرکزی سیوریج لائنز اور حساس مقامات پر ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیے گئے ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل کی ہدایت پر ایف ڈی اے سٹی کے پورے سیوریج نیٹ ورک کا تفصیلی سروے مکمل کر کے تمام مسنگ مین ہول کورز کی نشاندہی کے بعد انہیں فوری طور پر نصب کیا گیا، جبکہ سیوریج کی مین لائنوں اور دیگر متعلقہ ڈھانچوں کو بھی مزید مضبوط اور محفوظ بنایا گیا ہے تاکہ نکاسی آب کا نظام مؤثر انداز میں کام کرتا رہے اور کسی بھی ممکنہ حادثے سے شہریوں کو محفوظ رکھا جا سکے۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی ہے کہ سیوریج سسٹم کی باقاعدہ مانیٹرنگ، بروقت انسپکشن اور دیکھ بھال کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کوئی بھی مین ہول بغیر ڈھکن کے نہیں ہونا چاہیے اور حفاظتی انتظامات میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے نے کہا کہ اسی نوعیت کے حفاظتی اقدامات نجی ہاؤسنگ سکیموں میں بھی جاری ہیں۔ تمام ڈویلپرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے سیوریج سسٹمز، مین ہولز اور ڈھکنوں کو مقررہ حفاظتی معیار کے مطابق مضبوط اور محفوظ بنائیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر کسی نجی ہاؤسنگ سکیم میں غفلت یا ناقص حفاظتی انتظامات کے باعث انسانی جان یا مال کو نقصان پہنچا تو متعلقہ ڈویلپر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ایف ڈی اے شہریوں کو محفوظ شہری ماحول کی فراہمی، جدید انفراسٹرکچر کی بہتری اور عوامی سہولیات کے معیار کو بلند کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لایا جائے گا اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ادارے کی اولین ترجیح رہے گا۔

# فیصل آباد: کمشنر مسرت جبیں نے عوامی مسائل سنے

## سیوریج، مہنگائی اور قبضہ مافیا کے خلاف فوری احکامات

فیصل آباد (رانا محمد الیاس) کمشنر فیصل آباد مسرت جبیں نے کمشنر آفس آنیوالے درخواست گزاروں سے گفتگو کر کے ان کے مسائل سنے اور دادرسی کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو بنیادی ضروریات کی فراہمی ڈویژنل انتظامیہ کی ترجیح ہے۔ انہوں نے بعض درخواست گزار سائلین کی طرف سے سیوریج کے مسائل پر ایم ڈی واسا کو ہدایت جاری اور مسئلہ حل کر کے رپورٹ کا حکم دیا۔ انہوں نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو قابو میں رکھنے کی تاکید کی۔ انہوں نے قبضہ مافیا کے خلاف سخت کارروائی کے لئے اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی۔ درخواست گزاروں نے کمشنر فیصل آباد کے شہری ترقی کے جاری اقدامات کا اعتراف بھی کیا اور کہا کہ کمشنر آفس فورم سے عوامی مسائل کے حل ہونے کی شرح میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے۔

# فیصل آباد: کنال روڈ پر JETOUR T2 کی شاندار لانچنگ

## کاروباری و سماجی شخصیات نے تقریب میں شرکت کی

فیصل آباد۔ (خالد جٹ سے) کنال روڈ پر رانا یاسر اعجاز خاں، رانا احسان صاحب اور رانا ندیم اعجاز صاحب کے شو روم میں جدید ایس یو وی JETOUR T2 کی شاندار لانچنگ تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں سابق ایم پی اے پی پی 113 رانا علی عباس خاں نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر کاروباری، سماجی اور معزز شخصیات کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ مہمانوں نے نئے شو روم اور جدید طرز کی گاڑی JETOUR T2 کی لانچنگ کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے منتظمین کو مبارکباد پیش کی۔ رانا علی عباس خاں نے شوروم کے منتظمین کو کامیاب تقریب کے انعقاد پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ایسے جدید کاروباری منصوبے نہ صرف مقامی معیشت کو فروغ دیتے ہیں بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کرتے ہیں۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء نے شوروم کا دورہ کیا، نئی گاڑی کا معائنہ کیا اور میزبانوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

# باجوڑ: ٹی ایم اے خار کی مختلف علاقوں میں صفائی مہم

## سبزی منڈی، ہسپتال اور بازاروں سے کوڑا کرکٹ اٹھا کر تلف کر دیا گیا

(نمائندہ خصوصی/باجوڑ ٹائمز)۔ صوبائی حکومت خیبر پختونخوا کے عوامی ایجنڈے اور ڈپٹی کمشنر باجوڑ * شاہد علی خان و تحصیل میونسپل آفیسر خار قیصر خان کی ہدایات کی روشنی میں تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن خار نے شہر کے مختلف علاقوں میں وسیع پیمانے پر صفائی مہم چلائی۔ ٹی ایم اے خار کے عملے نے سبزی منڈی خار اور ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال خار میں نصب کچرے سے بھرے کنٹینرز خالی کیے۔ اس کے علاوہ صدیق آباد پھاٹک بازار اور ملحقہ رہائشی گلی محلوں، محلہ دارالسلام نزد جیل گیٹ، سول کالونی خار کے مختلف دفاتر و رہائشی مقامات، انتظار گاہ خار بازار اور ہیڈ کوارٹر باجوڑ سکاؤٹس کے مختلف مقامات سے جمع شدہ کوڑا کرکٹ اٹھا کر محفوظ طریقے سے تلف کیا گیا۔ اس موقع پر ٹی ایم اے خار نے عوام سے اپیل کی کہ وہ شہر کو صاف ستھرا باجوڑ بنانے میں انتظامیہ سے بھرپور تعاون کریں۔ شہری کوڑا کرکٹ صرف مقررہ مقامات پر ڈالیں، نالیوں اور سڑکوں میں کچرا پھینکنے سے گریز کریں اور اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف، سرسبز اور صحت مند رکھنے میں اپنا فعال کردار ادا کریں۔

# مہمند: مکئی کے بیجوں کی تقسیم میں بے ضابطگیوں کے الزامات

## شہریوں نے شفاف تحقیقات اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا

مہمند (مشترم خان/باجوڑ ٹائمز) ضلع مہمند میں مکئی کے بیجوں/تخم کی تقسیم کے عمل پر سنگین سوالات اٹھ گئے ہیں۔ مقامی ذرائع اور شہریوں نے الزام لگایا ہے کہ اقتدار اور اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے محکمہ زراعت کے بجائے بیجوں کی تقسیم مبینہ طور پر پی ٹی آئی کی مقامی قیادت اور کارکنوں نے کی۔ شہریوں کے مطابق ہزاروں بیگز مکئی سیڈز مستحق کاشتکاروں اور زمینداروں تک پہنچنے کے بجائے پارٹی کارکنوں، رشتہ داروں اور من پسند افراد میں بندر بانٹ کر دیے گئے۔ ان کا دعویٰ ہے کہ تقسیم کیے گئے بیجوں کا صفر فیصد بھی حقیقی طور پر کاشت نہ ہو سکا۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ بڑی مقدار میں سیڈز مبینہ طور پر مقامی بازاروں میں فروخت بھی کیے گئے، جس کے باعث حکومت کا خود کفالت کا زرعی منصوبہ متاثر ہوا۔ عوام نے مطالبہ کیا ہے کہ اس معاملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور ذمہ داروں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں زرعی امدادی پروگراموں کی تقسیم صرف محکمہ زراعت کے ذریعے میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر یقینی بنائی جائے تاکہ اصل کاشتکاروں کو ان کا حق مل سکے۔

# باجوڑ: ڈپٹی کمشنر شاہد علی خان کے تبادلے پر خراجِ تحسین

## دیانت دار اور عوام دوست خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

باجوڑ (نمائندہ خصوصی/باجوڑ ٹائمز) ڈپٹی کمشنر باجوڑ جناب شاہد علی خان کے تبادلے پر انہیں شاندار خدمات پر خراجِ تحسین پیش کیا گیا ہے۔ شاہد علی خان صاحب نے بطور ڈپٹی کمشنر باجوڑ دیانت داری، فرض شناسی، عوام دوستی اور بہترین انتظامی صلاحیتوں کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیں۔ ان کی مدت میں عوامی مسائل کے حل، سرکاری اداروں کی بہتری اور عوامی خدمت کے لیے کی جانے والی کاوشیں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ تبصرہ نگاروں کا کہنا ہے کہ تبادلے سرکاری ملازمت کا حصہ ہوتے ہیں، مگر کچھ شخصیات اپنی بہترین کارکردگی اور اعلیٰ کردار کی وجہ سے لوگوں کے دلوں میں دیر تک زندہ رہتی ہیں۔ شاہد علی خان صاحب بھی انہی باوقار افسران میں شامل ہیں جنہوں نے عوام کے ساتھ قریبی تعلق قائم کیا۔

# وہاڑی: پٹرول کم دینے پر احتجاج کرنے والے شہری سے مبینہ بدتمیزی

## متاثرہ شہری نے پٹرول پمپ کے خلاف کارروائی اور سیل کرنے کا مطالبہ کیا

وہاڑی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ملتان روڈ پر واقع مدینہ پٹرولیم سروس پر پٹرول کا پیمانہ پورا نہ ہونے پر آواز اٹھانا شہری کے لیے گناہ بن گیا۔ پمپ کے منیجر اور عملے نے شہری کے ساتھ شدید بدتمیزی کی، زدوکوب کرنے کی کوشش اور موٹر سائیکل چھیننے سمیت جان سے مارنے کی سنگین دھمکیاں دے ڈالیں۔ متاثرہ شہری نے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے اور پمپ کو سیل کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ایک مقامی شہری جب ملتان روڈ پر واقع مدینہ پٹرولیم سروس پر پٹرول ڈلوانے گیا تو شک ہونے پر اس نے پٹرول کا پیمانہ پورا نہ ہونے پر سوال اٹھایا۔ پٹرول کی مقدار کم ہونے کی نشاندہی پر پمپ کا منیجر اور دیگر عملہ اپنی چوری چھپانے کے لیے اخلاقیات کی تمام حدیں پار کر گیا اور غنڈہ گردی پر اتر آیا۔ عملے نے شہری کے ساتھ انتہائی بدتمیز اور جارحانہ رویہ اختیار کیا۔ شہری کو ہراساں کیا گیا، اس کی موٹر سائیکل پمپ کے عملے نے اپنے قبضے میں لینے کی کوشش کی اور سرِ عام جان سے مارنے کی دھمکیاں دی گئیں۔ اس واقعے کے بعد وہاڑی کے عوامی و سماجی حلقوں میں شدید تشویش اور غصہ پایا جا رہا ہے۔

# بہاولپور: عبدالستار ایدھی کی برسی پر تعزیتی تقریب

## مقررین کا انسانیت کی خدمت کے مشن کو جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

بہاولپور (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ہم پاکستان، سرزمین ادبی فورم، اجتماعی ترقیاتی کونسل، سائبان ویلفیئر فاؤنڈیشن اور سی ایس زون کے اشتراک سے بانی ایدھی ایمبولینس سروس عبدالستار ایدھی کی برسی کے موقع پر تعزیتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی صدر پاکستان سوشل ایسوسی ایشن ڈاکٹر عبدالرحمن ناصر، پروفیسر ڈاکٹر مدحت کامل حسین، صوبائی صدر سرزمین ادبی فورم جاوید ایاز خان، محمد شعیب ملک، مسز آسیہ کامل، اقصیٰ رشید، رباب طاہر نے کہا ہے کہ عبدالستار ایدھی نے اپنی پوری زندگی دکھی انسانیت کی خدمت، یتیموں، بیواؤں، بے سہارا افراد، مریضوں اور ضرورت مندوں کی مدد کے لیے وقف کر دی تھی۔ دنیا کی سب سے بڑی پرائیویٹ ایمبولینس سروس کی کی انسانیت دوستی اور محبت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ان کی بے لوث خدمت، سادگی اور انسان دوستی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، ان کی تمام نیکیوں کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین۔ مقررین نے اپنے پیغام میں کہا کہ آیئے! آج ہم بھی عہد کریں کہ اپنی استطاعت کے مطابق کسی نہ کسی ضرورت مند کی مدد ضرور کریں، کیونکہ انسانیت کی خدمت ہی سب سے بڑی نیکیوں میں سے ایک اہم نیکی ہے۔

# وزیرِ اعلیٰ پنجاب سے فوری حفاظتی اقدامات کا مطالبہ

عوامی اپیل۔ بیورو چیف مہر ظہیر فصیل وصلی سے صحافی رانا ندیم 452 رحمے شاہ آئے روز ٹریفک حادثات پیش آ رہے ہیں، جن کے باعث قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو رہی ہیں اور کئی خاندان اپنے پیاروں سے محروم ہو چکے ہیں۔ ہم وزیرِ اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ اس سڑک پر حادثات کی روک تھام کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں، جن میں اسپیڈ بریکرز، ٹریفک اشارے، مناسب لائٹنگ، روڈ کی ون وے اور ٹریفک پولیس کی تعیناتی شامل ہو۔ ہمیں امید ہے کہ حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے فوری عملی اقدامات کرے گی تاکہ مزید قیمتی جانوں کا نقصان نہ ہو۔

# فیصل آباد: بیرسٹر راجہ دانیال احمد نے نیا عہدہ سنبھال لیا

## سیاسی و سماجی شخصیات نے مبارکباد پیش کی

فیصل آباد: (خالد جٹ سے) رکن قومی اسمبلی (این اے-104) بیرسٹر راجہ دانیال احمد نے پارلیمانی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے دفتر کا باقاعدہ چارج سنبھال لیا۔ اس موقع پر مختلف سیاسی و سماجی شخصیات نے ان سے ملاقات کر کے نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ مبارکباد دینے والوں میں سابق قائدِ حزبِ اختلاف راجہ ریاض احمد، فیڈرل سیکرٹری لا راجہ نعیم اکبر، وفاقی وزیر داخلہ طلال چوہدری، صوبائی وزیر ڈاکٹر مختار احمد بھرت، رکن قومی اسمبلی چوہدری شہباز بابر، رکن قومی اسمبلی ندیم عباس ریبرہ، رکن قومی اسمبلی چوہدری بلال بدر، سردار محمد خان آف چکوال سمیت دیگر معزز شخصیات شامل تھیں۔ اس موقع پر شرکاء نے بیرسٹر راجہ دانیال احمد کی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھاتے ہوئے عوامی خدمت اور ادارہ جاتی امور کی بہتری میں مؤثر کردار ادا کریں گے۔

# سجاول: زمین کے تنازع پر تصادم، 5 افراد زخمی

## شدید زخمیوں کو مکلی سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا

سجاول رپورٹ (اعجاز عمرانی): سجاول کے قریب واقع گاؤں یعقوب بھٹی میں بھٹی برادری کے دو گروپوں کے درمیان زمین کی ملکیت کے تنازع پر تصادم ہوا، جس کے نتیجے میں پانچ افراد زخمی ہو گئے۔ زخمیوں میں عبداللطیف بھٹی، فاروق بھٹی، محبوب بھٹی، یعقوب بھٹی اور شیر علی شامل ہیں؛ ان میں سے تین افراد کو زخموں کی شدت کے باعث مکلی سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

# کھرڑیانوالہ: ٹرک سے ٹکر، نوجوان جاں بحق

## موٹر سائیکل سوار ریحان موقع پر ہی دم توڑ گیا

کھرڑیانوالہ (خالد جٹ سے) 72 رب باہمنی والا کے رہائشی رانا افضل صاحب (ساؤتھ افریقہ والے) کے صاحبزادے ریحان ولد افضل ٹریفک کے ایک افسوسناک حادثے میں جاں بحق ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق ریحان کی موٹر سائیکل ایک ٹرک سے ٹکرا گئی، جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوئے اور موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی اہلِ علاقہ اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں، جبکہ پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔ مرحوم کی اچانک وفات پر علاقے بھر میں گہرے دکھ اور افسوس کی لہر دوڑ گئی۔ اہلِ علاقہ، عزیز و اقارب اور مختلف سماجی و سیاسی شخصیات نے رانا افضل صاحب کے خاندان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے لیے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی۔

# نثار باز خان کی شہید عبدالرزاق کے اہل خانہ سے تعزیت

## لوی سم انزری کلی میں فاتحہ خوانی، مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعا

باجوڑ (نمائندہ خصوصی/باجوڑ ٹائمز)۔ عوامی نیشنل پارٹی باجوڑ کے پی کے 22 کے ایم پی اے * نثار باز خان نے آج لوی سم انزری کلی میں عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی نائب صدر ڈاکٹر طارق کے بھائی شہید عبدالرزاق کے گھر جا کر فاتحہ خوانی کی۔ ایم پی اے نثار باز خان نے شہید کے اہلِ خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا، انہیں صبر کی تلقین کی اور اس غم میں اپنے آپ کو ان کے ساتھ شریک قرار دیا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید عبدالرزاق کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ صبر و استقامت سے برداشت کرنے کی توفیق دے۔

# ہسپتال کے اطراف ناقص صفائی پر متعدد ہوٹل سیل

## حفظانِ صحت کی خلاف ورزی پر ذمہ دار افراد گرفتار، کارروائی جاری



خار۔ (قیاس خان/باجوڑ ٹائمز) عوامی شکایات اور ڈپٹی کمشنر باجوڑ شاہد علی خان کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر ہیڈ کوارٹر خار عامر خان وزیر کی نگرانی میں تحصیلدار خار ظاہر محمد نے ہیڈ کوارٹر ہسپتال خار میں قائم ہوٹلوں کا اچانک معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران متعدد ہوٹلوں میں صفائی کی انتہائی ناقص صورتحال، غیر معیاری انتظامات اور حفظانِ صحت کے اصولوں کی سنگین خلاف ورزیاں سامنے آئیں۔ انتظامیہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے خلاف ورزی کرنے والے ہوٹلوں کو سیل کر دیا۔ تحصیلدار ظاہر محمد کے مطابق قانونی کارروائی کے تحت ذمہ دار افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کر دیا گیا ہے۔ تحصیلدار ظاہر محمد کا کہنا تھا کہ عوام کی صحت سے کھیلنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے تمام ہوٹل مالکان کو ہدایت کی کہ وہ صفائی اور حفظانِ صحت کے اصولوں پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں، بصورت دیگر قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

# بہاولپور: اینٹی کرپشن کی کارروائیاں، اے ایس آئی اور ایکسائز انسپکٹر گرفتار

## دونوں اہلکار مبینہ طور پر رشوت وصول کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑے گئے

بہاولپور (زوہیب نواز) اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بہاولپور نے دو الگ الگ کامیاب کارروائیوں کے دوران ایک اسسٹنٹ سب انسپکٹر (اے ایس آئی) اور ایک ایکسائز انسپکٹر کو مبینہ طور پر رشوت وصول کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کی ٹیم نے سرکل آفیسر ہیڈ کوارٹر کی نگرانی میں مجسٹریٹ کی موجودگی میں عدالتی حدود کے اندر کارروائی کرتے ہوئے تھانہ کوتوالی کے اے ایس آئی فاروق احمد کو مبینہ طور پر رشوت وصول کرتے ہوئے گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق ملزم ایک خاتون سے رشوت لے رہا تھا، جس پر اینٹی کرپشن ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے اسے رنگے ہاتھوں حراست میں لے لیا۔ دوسری جانب اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بہاولپور نے ایک اور کامیاب ریڈ کے دوران ایکسائز انسپکٹر محمد رضوان کو بھی مبینہ طور پر رشوت وصول کرتے ہوئے گرفتار کر لیا۔ کارروائی سرکل آفیسر یاسین اور ان کی ٹیم نے انجام دی، جنہوں نے ملزم کے قبضے سے نشان زدہ نوٹ برآمد کر لیے اور اسے گرفتار کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کر دی۔ اینٹی کرپشن حکام کے مطابق دونوں مقدمات میں قانون کے مطابق تفتیش جاری ہے، جبکہ گرفتار ملزمان کے خلاف مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

# جڑانوالہ: نیا بازار میں برتنوں کی دکان میں آگ

## ریسکیو 1122 نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پا لیا

جڑانوالہ (خصوصی نمائندہ جمال قدیر بھٹی) جڑانوالہ کے نیا بازار میں برتن اور گھریلو الیکٹرانکس کی دکان میں آگ لگنے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی فائر فائٹنگ ٹیمیں فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ ابتدائی معلومات کے مطابق دکان کے مرکزی بجلی کے بورڈ میں لوز وائرنگ کے باعث سپارکنگ ہوئی جس سے آگ بھڑک اٹھی اور دکان میں موجود پلاسٹک کے برتن، جوسر، بلینڈر، استری اور دیگر سامان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ جڑانوالہ (خصوصی نمائندہ جمال قدیر بھٹی) ریسکیو 1122 کی فائر فائٹنگ ٹیموں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر مکمل قابو پا لیا اور اسے مزید پھیلنے سے روک دیا۔ واقعے میں کوئی جانی نقصان یا زخمی ہونے کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

# فیصل آباد: نوجوان کے قتل کا معمہ حل، خاتون گرفتار

## واٹس ایپ کے ذریعے بلا کر مخالفین کے ہاتھوں قتل کرایا گیا

فیصل آباد (ایڈیٹر محمد طلحہ طارق+راجہ اسلم) سمن آباد کے علاقہ میں نوجوان کے قتل کا ڈراپ سین، خاتون ملزمہ گرفتار نوجوان کا قتل پرانی دشمنی کا شاخسانہ نکلا مقتول کو مخالف پارٹی نے سوشل میڈیا کے ذریعے خاتون سے دوستی کروا ئیملزمہ نے مقتول عثمان کو واٹس ایپ کے ذریعے موقع پر بلایا، پہلے سے موجود تین نامعلوم مسلح ملزمان نے سابقہ دشمنی کی بناء پر فائرنگ کر کے عثمان کو قتل کیا۔ ایس ایچ او تالش عباس نے ٹیکنیکل وسائل کے ذریعے ملزمہ کو ٹریس کیا بلائنڈ مرڈر میں ملوث خاتون ملزمہ سیماب بی بی کو گرفتار کر لیا گیا ملزمہ سے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا اور ساتھی ملزمان کی گرفتاری کا تحرک جاری ہے مقدمہ کے ہر پہلو کا باریک بینی سے جائزہ لیا جا رہا ہے۔ شہریوں کی قیمتی جانوں کے ضیاع میں ملوث ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔ سی پی او فیصل آباد۔

# ننکانہ صاحب: خطرناک ڈکیت گینگ کے تین ملزمان گرفتار

## جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں، 6 1 وارداتوں کا سراغ، اسلحہ اور مالِ مسروقہ برآمد

(نادر علی سندھو سے) ڈسٹرکٹ پولیس ننکانہ صاحب نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا دائرہ مزید وسیع کرتے ہوئے خطرناک ڈکیت گینگ کے سرغنہ کو دو ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کی نقدی، دیگر مالِ مسروقہ اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ ڈی پی او ارسلان زاہد کی ہدایت پر تھانہ صدر ننکانہ صاحب پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ڈکیت گینگ کے سرغنہ نبیل عرف ٹبلی، نیرج اور نوید کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان سے ڈکیتی اور چوری کی 16 وارداتوں کا سراغ لگا لیا گیا ہے، جبکہ دورانِ تفتیش مزید اہم انکشافات کی توقع ہے۔ پولیس حکام کے مطابق یہ کامیاب کارروائی ایس ایچ او تھانہ صدر ننکانہ صاحب آصف اقبال بھٹی کی سربراہی میں تشکیل دی گئی خصوصی پولیس ٹیم نے پیشہ ورانہ مہارت اور مؤثر حکمت عملی کے ذریعے انجام دی۔ ملزمان سے برآمد ہونے والا مالِ مسروقہ اور اسلحہ قبضے میں لے کر مزید قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ ڈی پی او ارسلان زاہد نے کامیاب کارروائی پر ایس ایچ او آصف اقبال بھٹی اور ان کی ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ضلع بھر میں سماج دشمن عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں دن رات جاری ہیں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیرِ اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن "محفوظ پنجاب" کے تحت شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جا رہا ہے۔

# کھرڑیانوالہ: حاجی آزاد علی تبسم کی رانا لیاقت منج کے اہل خانہ سے تعزیت

## مرحوم کی مغفرت، درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر کی دعا کی

کھرڑیانوالہ (خالد پرویز جٹ سے) پاکستان مسلم لیگ (ن) فیصل آباد کے ضلعی جنرل سیکرٹری و رکن صوبائی اسمبلی حاجی آزاد علی تبسم نے کوریا سے وطن واپس آنے والے معروف کاروباری شخصیت رانا خالد منج (منج پلازہ) سے ان